26 ذوالحجہ 1429ھ تا 2 محرم الحرام 1430ھ / 25 تا 31 دسمبر 2008ء

www.tanzeem.org

# عورت کا اصل دائرہ کار

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اور اپنے گھروں میں قرار (وقار اور سکینت) کے ساتھ رہو، اور جیسے بن سنور کر ایامِ جاہلیت میں عورتیں گھروں سے نمائش کے لیے نکلا کرتی تھیں، ایسے نہ نکلو'' (الاحزاب:33)

یہاں کسی ابہام کے بغیر عورتوں کے لئے لائحہ عمل متعین کر دیا گیا اور ہدایت دے دی گئی ہے کہ اُن کی تمدّنی ذمہ داریوں کا دائرۂ کار دراصل اس کا گھر ہے۔ وہ اس میں قیام کریں، قرار پکڑیں۔ اگرچہ خواتین کو ناگزیر تمدّنی ضروریات کے لیے گھر سے نکلنے کی اجازت دی گئی ہے۔ لیکن یہ بعض شرائط کے ساتھ مشروط ہے یہاں ایک خاص شرط عائد کی گئی ہے۔ وہ شرط تبرّج اور خاص طور پر تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ کے ساتھ نکلنے کی ممانعت کی شرط ہے۔ عربی میں تبرّج کے معنی نمایاں ہونے، ابھرنے اور کھل کر سامنے آنے کے ہیں۔ عورت کے لیے یہ لفظ اپنے چہرے اور اپنے جسم کی سج دھج، آرائش وزیبائش، سنگھار اور اپنی چال ڈھال میں لوچ اور چٹک مٹک کے ذریعے اپنے آپ کو نمایاں کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ تمام اہلِ لغت اور اکابر مفسرین نے اس لفظ کی یہی تشریح کی ہے۔ اب رہا جاہلیت کے مفہوم کا تعین تو جان لیجیے، از روئے اسلام جاہلیت سے مُراد ہر وہ طرزِ عمل، ہر وہ روش، ہر وہ چلن، ہر وہ رواج اور ہر وہ رسم ہے جو اسلام کی تعلیم، اس کی تہذیب، اس کی ثقافت اور اس کے اخلاق و آداب کے خلاف ہو......اور جاھلیة الأُولیٰ کا مطلب وہ تمام عیوب اور برائیاں ہیں جن میں ظہورِ اسلام اور بعثتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے قبل اہل عرب اور دنیا بھر کے لوگ مبتلا تھے۔ چنانچہ یہاں بظاہر ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن سے خطاب ہے اور ان کو تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ سے منع کیا جا رہا ہے، لیکن چونکہ ان اُمہات المؤمنینؓ کو تمام مسلمان خواتین کے لیے اُسوہ بننا تھا، لہٰذا ان کے توسط سے تمام خواتین کو ہدایت فرمائی جا رہی ہے کہ تمہارا اصل مقام تو گھر ہی ہے، لیکن اگر کسی تمدّنی ضرورت سے گھر سے باہر نکلنا ہی ہو تو جاہلیتِ اولیٰ کی طرح بن سنور کر اور زیب و زینت کے ساتھ نکلنے کی ہرگز ہرگز اجازت نہیں ہے۔

ڈاکٹر اسرار احمد مدظلہ

اے اہل پاکستان! مطالبات تسلیم کر لو

حسن اخلاق اور ادائیگی حقوق کی تعلیم

سپر۔ پاور، صدر، صحافی اور جوتا

میں تنظیم میں کیسے شامل ہوا

خطرات کے پھیلتے ہوئے سائے

الزام تراشی کی بجائے اپنے گریبان میں جھانکئے

اشاریہ مضامین ندائے خلافت 2008ء

الھدیٰ (366)

# سورۃ الااعراف

(آیات: 37 تا 41)

ڈاکٹر اسرار احمد

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

﴿فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا اَوْ کَذَّبَ بِاٰیٰتِہٖ ط اُولٰٓئِکَ یَنَالُھُمْ نَصِیْبُھُمْ مِّنَ الْکِتٰبِ ط حَتّٰٓی اِذَا جَآءَتْھُمْ رُسُلُنَا یَتَوَفَّوْنَھُمْ لا قَالُوْٓا اَیْنَ مَا کُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ ط قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَھِدُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ اَنَّھُمْ کَانُوْا کٰفِرِیْنَ ۝ قَالَ ادْخُلُوْا فِیْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِکُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِی النَّارِ ط کُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّۃٌ لَّعَنَتْ اُخْتَھَا ط حَتّٰٓی اِذَا ادَّارَکُوْا فِیْھَا جَمِیْعًا لا قَالَتْ اُخْرٰىھُمْ لِاُوْلٰىھُمْ رَبَّنَا ھٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِھِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ط قَالَ لِکُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالَتْ اُوْلٰىھُمْ لِاُخْرٰىھُمْ فَمَا کَانَ لَکُمْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا کُنْتُمْ تَکْسِبُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاسْتَکْبَرُوْا عَنْھَا لَا تُفَتَّحُ لَھُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ ط وَکَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُجْرِمِیْنَ ۝ لَھُمْ مِّنْ جَھَنَّمَ مِھَادٌ وَّمِنْ فَوْقِھِمْ غَوَاشٍ ط وَکَذٰلِکَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ ۝﴾

”تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اُس کی آیتوں کو جھٹلائے۔ اُن کو اُن کے نصیب کا لکھا ملتا ہی رہے گا۔ یہاں تک کہ جب اُن کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) جان نکالنے آئیں گے تو کہیں گے کہ جن کو تم اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے، وہ (اب) کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے (معلوم نہیں) کہ وہ ہم سے (کہاں) غائب ہوگئے اور اقرار کریں گے کہ بیشک وہ کافر تھے۔ تو اللہ فرمائے گا کہ جنوں اور انسانوں کی جو جماعتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں اُن ہی کے ساتھ تم بھی داخلِ جہنم ہو جاؤ۔ جب ایک جماعت (وہاں) جا داخل ہوگی تو اپنی (مذہبی) بہن (یعنی اپنے جیسی دوسری جماعت) پر لعنت کرے گی یہاں تک کہ جب سب اس میں داخل ہو جائیں گے تو پچھلی جماعت پہلی کی نسبت کہے گی کہ اے پروردگار! ان ہی لوگوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا تو ان کو آتشِ جہنم کا دُگنا عذاب دے۔ اللہ فرمائے گا کہ (تم) سب کو دُگنا (عذاب دیا جائے گا) مگر تم نہیں جانتے۔ اور پہلی جماعت پچھلی سے کہے گی کہ تم کو ہم پر کچھ بھی فضیلت نہ ہوئی تو جو (عمل) تم کیا کرتے تھے اُس کے بدلے میں عذاب کے مزے چکھو۔ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن سے سرتابی کی اُن کے لیے نہ آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے اور نہ وہ بہشت میں داخل ہوں گے یہاں تک کہ اُونٹ سوئی کے ناکے میں سے نہ نکل جائے۔ اور گنہگاروں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لیے (نیچے) بچھونا بھی (آتش) جہنم کا ہوگا اور اُوپر سے اوڑھنا بھی (اسی کا)۔ اور ظالموں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔“

اس شخص سے بڑھ کر ظالم اور کون ہوگا جو اللہ کی طرف کوئی غلط بات منسوب کرے یا اللہ کی آیات کا انکار کرے۔ یہ دونوں برابر کے جرم ہیں۔ جو ان جرائم کے مرتکب ہوں گے اُن لوگوں کو اس دنیا میں تو اُن کے نصیب کا رزق ملتا رہے گا، اللہ ایسا نہیں کہ کفر کرنے والے کی روزی روک دے اور وہ بھوکا پیاسا اسی دن مر جائے، البتہ جس وقت ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کے پاس ان کی جان لینے کے لیے آئیں گے تو وہ ان سے یہ کہیں گے، کہاں ہیں وہ جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے تھے؟ ان کے سامنے بچھے جاتے تھے؟ گڑگڑاتے تھے؟ ڈنڈوت کرتے اور ماتھے ٹیکتے تھے۔ جواب میں وہ کہیں گے' وہ سب ہم سے جاتے رہے۔ یہ کہہ کر وہ خود اپنے خلاف گواہی دیں گے کہ واقعتاً ہم ناشکرے تھے اور ہم نے کفر کی روش اختیار کیے رکھی تھی۔ اس پر اللہ فرمائے گا' داخل ہو جاؤ اُن اُمتوں میں جو تم سے پہلے جنوں اور انسانوں میں سے گزر چکی ہیں' اور وہ آگ میں ہیں۔ ایک ایک قوم کا حساب ہوتا جائے گا اور اسے جہنم کے اندر جھونکا جائے گا۔ پہلی نسل کے بعد دوسری نسل' دوسری کے بعد تیسری نسل آئے گی۔ جب سب نافرمان اُمتیں اور نسلیں جہنم میں چلی جائیں گی تو بعد میں آنے والی نسل پہلی نسل کے بارے میں کہے گی' اے ہمارے پروردگار ان بدبختوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا' تو انہیں آگ کے اندر دوگنا عذاب دے۔ اللہ فرمائے گا' نہیں' تم سب کے لیے دگنا عذاب ہے' کیونکہ جس طرح یہ لوگ دوسروں کو گمراہ کر کے آئے تھے ویسے ہی تم بھی اپنے بعد والوں کو گمراہ کر کے آئے ہو۔ ضرورت تو اس بات کی تھی کہ تم عقل سے کام لیتے' اپنے ذہن سے سوچتے اور خواہ مخواہ اپنے آباء واجداد کی تقلید نہ کرتے۔ اس لیے کہ تمہیں نیکی بدی کا شعور دیا گیا تھا۔ تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں تھیں۔ تم نے کیوں ان سے کام نہ لیا اور اندھے ہو کر دوسروں کی پیروی کرتے رہے۔ اب پہلے والے بعد والوں کو کہیں گے' تم نے خواہ مخواہ ہم پر لعنت کی' تمہیں اس سے کیا ملا' اب اپنے کرتوتوں کے باعث عذاب کا مزا چکھو۔

یقیناً جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلا دیا اور تکبر کرتے ہوئے ان سے اعراض کیا تو اب ان کے لیے آسمان کے دروازے کبھی نہیں کھولے جائیں گے اور نہ ہی وہ جنت میں داخل ہوں گے، یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے میں گھس جائے۔ اسے تعلیق بالمحال کہتے ہیں' یعنی ناممکن بات۔ نہ تو سوئی کا ناکہ اتنا بڑا ہو سکتا ہے کہ اس میں سے اونٹ گزر جائے اور نہ ہی اونٹ اتنا چھوٹا ہو سکتا ہے کہ وہ سوئی کے ناکے میں سے گزر جائے۔ گویا کفار کے جنت میں جانے کا کوئی امکان نہیں۔ آخر میں اللہ نے واضح فرمایا کہ ہم مجرموں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔ ان کے لیے جہنم ہی کا بچھونا ہوگا، اور اسی آگ کا اوڑھنا ہوگا۔ یہی ظالموں کی جزا ہے۔

فرمانِ نبویؐ

## عورتوں کا پردے میں رہنا ضروری ہے

پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: ((اَلْمَرْاَۃُ عَوْرَۃٌ فَاِذَا خَرَجَتْ اِسْتَشْرَفَھَا الشَّیْطَانُ)) (رواہ الترمذی)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”عورت (گویا) ستر ہے (یعنی جس طرح ستر کو چھپا رہنا چاہیے اسی طرح عورت کو گھر میں رہنا چاہیے) جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیاطین اس کو تاکتے اور اپنی نظروں کا نشانہ بناتے ہیں“۔

ایوب بیگ مرزا

# اے مسلمانانِ پاکستان! مطالبات تسلیم کرلو

بھارت میں وار روم میں میٹنگز ہو رہی ہیں جن میں فوجی سربراہوں کے ساتھ وزیراعظم' صدر اور وزیر خارجہ بھی شرکت کر رہے ہیں۔ سفارتی سطح پر شب و روز محنت ہو رہی ہے۔ دنیا بھر سے ایک سو بیس ممالک سے اپنے سفیروں کو ملک میں واپس بلا کر ان سے مشاورت ہو رہی ہے۔ سلامتی کونسل سے مسلسل رابطہ ہے۔ انٹرنیشنل کورٹ میں کیس درج کروا دیا گیا ہے اور انٹرپول کے ذریعے مولانا مسعود اظہر کی گرفتاری کا مطالبہ کیا جا رہا ہے' جس پر تبصرہ نگار کہہ رہے ہیں کہ پاکستان کے لیے انٹرپول کو انکار کرنا آسان نہیں ہوگا۔ ان ساری کاوشوں میں امریکہ بڑھ چڑھ کر اور جائز ناجائز ہر طریقے سے بھارت کا مددگار و معاون بنا ہوا ہے' بلکہ اُسے پاکستان کو دباؤ میں لانے کے نت نئے مشورے دے رہا ہے۔ اور برطانیہ امریکہ کے چیلے چانٹے کی حیثیت سے مدعی بھارت سے بھی دو ہاتھ آگے نکلنے کی کوشش کر رہا ہے۔ بقیہ یورپ بھی ممبئی سانحہ کو بھارت کے ساتھ بہت بڑا ظلم قرار دے رہا ہے۔

ایسے نازک موقع پر جب دنیا ایک متحدہ محاذ بنا کر پاکستان کے گرد گھیرا تنگ کر رہی ہے اور پاکستان کا ازلی دشمن بھارت اس محاذ کا ہراول دستہ بن کر پاکستان پر دانت تیز کر رہا ہے' پاکستان کی حکومت اور فوج میں ہم آہنگی نظر نہیں آ رہی' اور بھارت مسلسل اس کوشش میں ہے کہ اس خلیج کو مزید بڑھایا جائے۔ کبھی کہا جاتا ہے کہ صدر زرداری کو فون پر دھمکیاں ایک جعلی کال کے ذریعے دی گئی تھیں۔ پھر بھارتی طیاروں کی خلاف ورزی کو سیاسی حکومت ٹیکنیکل غلطی اور فضائیہ بھارتی جارحیت قرار دیتی ہے۔ یہ خبریں انتہائی حیران کن اور تشویش ناک ہیں کہ سلامتی کونسل نے جماعۃ الدعوۃ پر جو پابندی لگائی ہے اس میں خود پاکستانی حکومت کی رضامندی شامل تھی۔ یہی وجہ ہے کہ چین نے بھی قرارداد کو ویٹو نہیں کیا۔ پاکستان مسلم لیگ اور پاکستان پیپلز پارٹی کا اتحاد تو کب کا پارہ پارہ ہو چکا ہے' خود پاکستان پیپلز پارٹی کے اندر مار دھاڑ شروع ہو چکی ہے۔ وزیراعظم پر زبردست دباؤ ہے کہ وہ استعفا دے دیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ اصلاً صدر اور وزیراعظم کے درمیان جنگ شروع ہو چکی ہے اور جو عناصر وزیراعظم سے استعفا کا مطالبہ کر رہے ہیں' انہیں صدر کی آشیرباد حاصل ہے۔ اپوزیشن لیڈر چودھری نثار نے پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حکومت پر الزامات کی بوچھاڑ کی ہے۔ وکلاء نے اپنی تحریک کے اگلے مراحل کا اعلان کیا ہے' جن میں لانگ مارچ اور دھرنا بھی شامل ہے۔

کیا اس صورت حال میں پاکستان اس بھارت سے جنگ کر سکتا ہے جو اس سے حجم میں دس گنا بڑا ہے' جس کی عسکری قوت پاکستان سے کئی گنا زیادہ ہے' جس کی پشت پر سفارتی سطح پر پوری دنیا ہے' امریکہ جس کا سٹریٹجک پارٹنر ہے۔ اس نازک موقع پر جب ملک کی سلامتی شدید خطرے میں ہے ہم ملک کے تمام باسیوں خصوصاً مقتدر حلقوں سے دست بستہ عرض کرتے ہیں کہ لِلّٰہ اپنے اختلافات' اپنے جھگڑے بعد کے کسی وقت کے لیے اٹھا رکھیں۔ اس وقت قومی اتحاد اور یک جہتی کی شدید ضرورت ہے۔ قومی اتحاد ایٹم بم سے بڑی قوت ہے۔ صرف قومی سلامتی کے اجلاس میں تمام سیاسی جماعتوں کا متحد ہو کر یک زبان سے حکومت کو حمایت کی یقین دہانی سے بھارت کو دھچکا لگا تھا' لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اختلافات بدتر انداز میں آشکار ہو رہے ہیں۔

بھارتی حکومت خصوصاً وزیر خارجہ پرناب مکھرجی کا انداز کچھ ایسا ہے جیسے کہہ رہا ہو ہمارے مطالبات تسلیم کرتے ہو یا نکالیں تمہارا بھرکس۔ صورت حال کے اتنے خطرناک ہو جانے کے باوجود ہماری رائے میں جنگ کے امکانات زیادہ نہیں ہیں' اگرچہ مائیک مولن کا فوری طور پر خطے کا دورہ معنی خیز ہے۔ شنید یہ ہے کہ وہ پاکستانی افواج کو اس بات پر راضی کرنے کے لیے آیا تھا کہ بھارتی فضائیہ کو مریدکے اور کشمیر کے علاقے میں چند حملے کر لینے دیئے

"تا خلافت کی بنا' دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

قیام خلافت کا نقیب

ہفت روزہ — لاہور

ندائے خلافت

جلد 17 — شمارہ 49
25 تا 31 دسمبر 2008ء
26 ذوالحجہ 1429ھ تا 2 محرم الحرام 1430ھ

بانی: اقتدار احمد مرحوم
مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید
نائب مدیر: محبوب الحق عاجز

مجلس ادارت
سید قاسم محمود۔ ایوب بیگ مرزا
سردار اعوان۔ محمد یونس جنجوعہ
نگران طباعت: شیخ رحیم الدین

پبلشر: محمد سعید اسعد' طابع: رشید احمد چودھری
مطبع: مکتبہ جدید پریس' ریلوے روڈ' لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی:
67۔ اے علامہ اقبال روڈ' گڑھی شاہو' لاہور۔ 54000
فون: 6366638 - 6316638 فیکس: 6271241
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقام اشاعت: 36۔ کے ماڈل ٹاؤن لاہور۔ 54700
فون: 03-5869501

قیمت فی شمارہ 10 روپے

سالانہ زرِ تعاون
اندرونِ ملک......300 روپے
بیرون پاکستان
انڈیا---------------(2000 روپے)
یورپ' ایشیا' افریقہ وغیرہ (2500 روپے)
امریکہ' کینیڈا' آسٹریلیا وغیرہ (3000 روپے)
ڈرافٹ' منی آرڈر یا پے آرڈر
"مکتبہ خدام القرآن" کے عنوان سے ارسال کریں
چیک قبول نہیں کیے جاتے

"ادارہ" کا مضمون نگار حضرات کی رائے
سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

جائیں اور پاکستان جوابی کارروائی نہ کرے' تاکہ کانگریس حکومت بھارت میں اپنی پوزیشن کو بہتر بنا سکے اور اپنے عوام کو مطمئن کر لے کہ ہم نے ممبئی حملوں کا بدلہ لے لیا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ ہماری فوجی قیادت کسی صورت میں یہ قبول نہیں کرے گی۔ بھارت بار بار کہہ رہا ہے کہ اس کے پاس بہت سے آپشنز ہیں۔ ہماری رائے میں بھارت دوسرا آپشن اختیار کرے گا' وہ یہ کہ ہماری اقتصادیات کو تباہ کر کے ہمیں کسی آنے والے وقت میں گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کرے گا۔ یہ پروسیجر طویل ہے اور بھارتی حکومت اور عوام کے لیے تکلیف دہ ہوگا' لیکن ہماری رائے میں یہ ہے وہ میدانِ جنگ جس میں ہماری شکست بڑی واضح نظر آ رہی ہے اور جس میں جواب دینے کی ہم نے قطعی طور پر کوئی تیاری نہیں کر رکھی۔ ہمارے پاس برآمد کے لیے صرف کپاس اور چاول کی دو فصلیں ہوتی ہیں۔ الحمدللہ' دونوں اس مرتبہ بہت اچھی ہیں۔ بھارت کوشش کرے گا کہ ان دونوں کا عالمی ریٹ اس قدر گرا دے کہ پاکستان یا تو برآمد کر ہی نہ سکے اور اگر کرے بھی تو اس کے ہاتھ کچھ نہ لگے' پھر وہ باہمی تجارت بھی فوری طور پر بند کر دے۔ ان دونوں اقدام سے بھارت کا معاشی نقصان پاکستان سے کہیں بڑا ہوگا' لیکن بھارت کی معاشی حالت اس پوزیشن میں ہے کہ یہ بڑا نقصان برداشت کر جائے۔ اس کے نتیجہ میں جو نقصان پاکستان کو ہوگا وہ اگرچہ حجم کے حوالہ سے چھوٹا ہوگا لیکن پاکستان کی خستہ حال اکانومی اسے بھی برداشت نہیں کر سکے گی۔ افغانستان کے راستے جعلی کرنسی بھی پاکستان میں داخل کی جا سکتی ہے جو مارکیٹ میں افراطِ زر کا طوفان کھڑا کر دے گی۔ امریکہ قرضہ جات کا شیڈول ٹائٹ کر دے گا۔ چند روز پہلے آئی ایم ایف نے اگلی قسط کے لیے نئی شرط عائد کر دی ہے کہ پاکستان 100 ارب روپے ترقیاتی بجٹ سے کم کرے۔ یوں پاکستان کو ڈیفالٹ کر کے کسی جنگی کارروائی سے پہلے ہی اپنا اینٹی ڈیٹرنٹ رول بیک کرنے کو کہا جائے گا۔ اس وقت ہم دیوار سے لگ چکے ہوں گے لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ ایک لحاظ سے یہ معاشی دہشت گردی ہمارے لیے مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ اس کے لیے ضروری ہوگا کہ چاہے گھاس کھانی پڑے (اور یہ گھاس خواص بھی کھائیں) اپنے پاؤں چادر کے اندر کرنے ہوں گے۔ اگر ہم یہ معاشی حملہ درویشانہ انداز میں سہہ گئے اور مالی مدد کے لیے کسی کے پاؤں نہ پڑے تو ہماری حالت میں انقلابی تبدیلی آ سکتی ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارا بگاڑ جس قدر زیادہ ہو چکا ہے، قومی سطح پر ہمیں ایک جھٹکے کی ضرورت ہے۔ بغیر کسی جھٹکے یعنی کڑی آزمائش سے گزرے ہم نہیں سنوریں گے۔ اگر موجودہ صورت حال سے بھی ہم بغیر کسی قربانی کے گزر گئے تو اگلا حادثہ جانکاہ ثابت ہو سکتا ہے۔ دنیا ہمارا گھیراؤ کر چکی ہے۔ یہ ممکن نہیں کہ ہم تن تنہا اس دنیا کو صرف اس لیے شکست دینے میں کامیاب ہو جائیں کہ ہمارے پاس ایٹم بم ہے۔ (اگر ہم دنیا کے مطالبات کے آگے نہیں جھکتے تو یہ بھی دنیا کی شکست ہوگی) عالم کفر متحد ہو چکا ہے۔ اس کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے' تن تنہا اس کو شکست دی جا سکتی ہے لیکن اس کے لیے اللہ کی مدد درکار ہوگی۔ اللہ کی مدد کی کچھ شرائط ہیں' اللہ کے کچھ مطالبات ہیں۔ اے کاش! ہم طے کر لیں کہ ہم مطالبات تسلیم کریں گے لیکن بندوں کے نہیں' طاقتور قوتوں کے نہیں بلکہ ان سب کے خالق اور مالک کے جس کی قوت کے سامنے کسی قوت کی کوئی حیثیت نہیں۔ پھر یہ کہ اس کے مطالبات تسلیم کرنے میں کوئی شرمندگی، کوئی پچھتاوا نہیں۔ اے مسلمانانِ پاکستان! اس نکتہ کو سمجھ لو' اسے تسلیم کر لو اس پر عمل کر گزرو ورنہ مٹ جاؤ گے ماضی کی ان بستیوں کی طرح جو نافرمانی پر ہلاک کر دی گئیں اور سامانِ عبرت بنا دی گئیں۔

اے مسلمانانِ پاکستان! عافیت اسی میں ہے کہ مطالبات تسلیم کر لو لیکن صرف اس ذاتِ کبریا کے جو عطا کرنا چاہے تو کوئی روک نہیں سکتا اور اگر وہ روک دے تو کوئی دے نہیں سکتا اور کسی بڑے کی بڑائی اُسے نفع نہیں پہنچاتی۔

اک طرزِ تغافل ہے سو وہ تم کو مبارک
اک عرضِ تمنا ہے وہ ہم کرتے رہیں گے


- ہمارا دین ''دینِ توحید'' ہے اور ''توحید'' کی ضد ''شرک'' ہے۔
- شرک سب سے بڑا گناہ ہے اور ناقابلِ درگزر ہے۔
- قرآن کی رو سے شرک ''ظلم عظیم'' ہے۔
- شرک ہر دور میں نئی نئی صورتیں اختیار کرتا ہے۔
- مسلمان جہالت اور ناسمجھی کے سبب شرک میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

شرک کی حقیقت اور اس کی اقسام سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے مطالعہ کیجیے:

**حقیقت و اقسامِ شرک**

بانیٔ تنظیم اسلامی

**ڈاکٹر اسرار احمد**

کے چھ فکر انگیز خطابات

معیاری کمپیوٹر کمپوزنگ ❁ عمدہ طباعت ❁ 128 صفحات

قیمت: اشاعت عام: 50 روپے' اشاعت خاص: 90 روپے

شائع کردہ: **مکتبہ خدام القرآن لاہور**

36۔ کے' ماڈل ٹاؤن لاہور۔ فون: 3-5869501

email : maktaba@tanzeem.org

website www.tanzeem.org

## اسلام کے دینِ امن وسلامتی ہونے کا نمایاں مظہر

# حسنِ اخلاق اور ادائیگی حقوق کی تعلیم

**مسجد دارالسلام، باغ جناح، لاہور میں امیر تنظیم اسلامی محترم حافظ عاکف سعید صاحب کے 28 نومبر 2008ء کے خطاب جمعہ کی تلخیص**

[آیاتِ قرآنی کی تلاوت اور خطبہ مسنونہ کے بعد]

حضرات! آج کل پورے عالم کفر میں اسلام کو دہشت گردی کے مترادف سمجھا جا رہا ہے۔ حال ہی میں آکسفورڈ ڈکشنری میں ”دہشت گرد“ کا مطلب مسلمان قرار دیا گیا۔ گویا دشمنوں کی نظر میں دہشت گرد اور مسلمان ہم معانی الفاظ ہوگئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ اسلام کے خلاف ایک سوچی سمجھی سازش ہے، اور حقائق کو جھٹلانے کے مترادف ہے۔ اس حقیقت کے باوجود کہ عالمی سطح پر جو تنظیمیں فی الواقع دہشت گرد ہیں اُن کی اکثریت غیر مسلم تنظیموں پر مشتمل ہیں، لیکن اُن سے صرف نظر کیا جا رہا ہے اور کوشش کی جا رہی ہے کہ دہشت گردی کو اسلام کے ساتھ جوڑ دیا جائے۔ یہ اسلام کے ساتھ بہت بڑی ناانصافی ہے۔

یہ لاریب سچائی اظہر من الشمس ہے کہ ہمارا دین امن وسلامتی کا دین ہے، اور پوری دنیا میں امن وسلامتی کا علمبردار ہے۔ اگرچہ ہماری تاریخ میں جنگیں بھی ہوئیں، اسلام کے ابتدائی دور، (دورِ نبویؐ) میں غزوات اور سرایا ہوئے، اور ہمارے نبی کریم ﷺ نے رحمۃ للعالمین ہونے کے باوجود تلوار اٹھائی، مگر یہ جہاد وقتال بھی درحقیقت آپؐ کی رحمۃ للعالمینی کا تقاضا تھا۔ اِس کے ذریعے آپؐ نے نظامِ حق کو غالب فرمایا، امن وسلامتی کے دین کو سربلندی عطا فرمائی، اور شر وفساد کی قوتوں کا قلع قمع کیا، تاکہ نوعِ انسانی ظلم واستحصال کے نظام اور جابرانہ قوتوں کے شکنجے سے نجات پا کر خدائے واحد کے عطا کردہ دینِ حق کی روشنی میں امن وسکون کی زندگی بسر کر سکے۔ آپؐ نے جو قدم اٹھایا اُس میں نوعِ انسانی کی فلاح اور خیر خواہی مضمر تھی۔ اسلام کو دہشت گردی سے کیونکر جوڑا جا سکتا ہے، جبکہ نبی اکرم ﷺ نے ایک مومن کی تعریف ہی یہ بیان فرمائی کہ اُس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں، اس سے کسی دوسرے کو تکلیف نہ پہنچے۔

اِس وقت صورتحال یہ ہے کہ دنیا میں جنگل کا اصول چل رہا ہے۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس کے قانون کی حکمرانی ہے۔ محاورہ ہے کہ زبردست کا ٹھینگا سر کے اوپر ہوتا ہے۔ لہٰذا بالادست اسلام دشمن طاقتیں اپنی عسکری طاقت اور میڈیا کے بل بوتے پر کمال مہارت سے یہ بے بنیاد پروپیگنڈا کر رہی ہیں کہ دنیا میں مسلمان ہی دہشت گرد ہیں اور ہم مسلمان چونکہ کمزور ہیں، لہٰذا جرمِ ضعیفی کے سبب اُن ہی کی بولی بولتے ہیں، وہ جو الفاظ ہمارے منہ میں ڈالتے ہیں، ہم وہی کہتے ہیں۔ ہم میں مجال انکار نہیں کہ انہیں یہ بتائیں کہ تم حقائق کو جھٹلا رہے ہو، تم دہشت گردی کا الزام عائد کرکے اسلام کی راہ روکنا چاہتے ہو، اسلام اور مسلمانوں کو بدنام کرنا چاہتے ہو۔ یہ بات اب راز نہیں رہی کہ نائن الیون کا واقعہ خود امریکہ اور یہودیوں نے کیا، مگر اس کا الزام اسامہ بن لادن اور طالبان پر تھوپ دیا گیا اور پھر میڈیا کی طاقت سے پوری دنیا کی رائے عامہ بدل دی گئی۔ اُسامہ کے خلاف آج تک یہ جرم ثابت نہیں ہو سکا۔ اس واقعے کے بارے میں جو تحقیقات ہوئی اور جو کتابیں چھپی ہیں، وہ بھی اس الزام کی نفی کرتی ہیں۔ امریکہ نے نائن الیون پر جو عدالتی کمیشن تشکیل دیا تھا اُس کے بھی ایک جج نے صاف طور پر مانا ہے کہ اس معاملے میں حقائق کو چھپانے کی کوشش کی گئی اور تحقیقات کے دوران بہت سے معاملات سے جہاں سے تصویر کا دوسرا رخ نظر آ رہا تھا، سٹاپ لگا دیا گیا، تاکہ اصل صورتحال دنیا کے سامنے نہ آ سکے۔ جڑواں ٹاورز کے گرنے کے حوالے سے حقائق بھی اس پروپیگنڈے سے قطعی مختلف ہیں جو گزشتہ چند سالوں میں کیا گیا ہے۔ محض طیاروں کے ٹکرانے سے پوری بلڈنگ کے کلیپس ہو جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اِس لیے کہ ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی جڑواں عمارتیں فری فال کی سپیڈ سے گری ہیں، اور فری فال کی سپیڈ سے بلڈنگ تب ہی گرتی ہے جب پوری بلڈنگ میں explosive فٹ کیے گئے ہوں اور اس کے اندر یورینیم بھی ڈالا گیا ہو جس سے لوہا پگھل جائے، اور پوری عمارت دھڑام سے گر پڑے۔ امریکہ میں یہی ہوا، تب ہی یہ جڑواں عمارتیں گریں۔

بہرکیف، ہمارا دین بنیادی طور پر امن وامان اور سلامتی کا دین ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے باطل نظام کو جڑ سے اکھاڑ کر اس دینِ حق کو قائم کیا۔ آپؐ رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجے گئے۔ آپؐ کا لایا ہوا دین دہشت گردی کا دین ہرگز نہیں ہو سکتا۔ مسلمانوں کی طرف سے دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ تو اس دہشت گردی کا ری ایکشن ہے جو یہود و نصاریٰ نے پوری دنیا میں مچا رکھی ہے۔ یہ ایک عام مشاہدہ ہے کہ اگر ایک شخص بلی پر بھی ظلم کرے اور اس کو کارنر کر دے تو وہ بھی ردعمل میں آدمی پر جھپٹا مارتی ہے۔ اب یہ کس قدر عجیب بات ہوگی کہ بلی کو کارنر کرنے والے کے فعل سے تو صرف نظر کیا جائے مگر بلی کے ردعمل کو دہشت گردی قرار دیا جائے۔

اسلام کے دینِ امن وسلامتی ہونے کا ایک نمایاں مظہر یہ ہے کہ اِس میں حسنِ اخلاق پر بہت زور دیا گیا، بندوں کے حقوق کی ادائیگی کی تعلیم دی گئی، اور ایذا رسانی سے منع کیا گیا ہے۔ دنیا میں انسانی معاملات کے بگاڑ کا مسئلہ ہی تب پیدا ہوتا ہے جب دوسروں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا جائے۔ دراصل آزادی اور پابندی کا ایک امتزاج ہے۔ اگر انسان یہ کہے کہ میں آزاد ہوں، میں جو چاہوں کروں، میں اپنے پڑوسی کے ساتھ بھی جو سلوک کرنا چاہوں کر سکتا ہوں، مجھے اس کا اختیار ہے، تو اُس کا یہ تصورِ آزادی نہیں ہے، یہ دراصل ناانصافی، طغیانی اور سرکشی ہے۔ آزادی بے لگام نہیں ہوا کرتی، بلکہ اِس کی حدود ہوتی ہیں۔ اسلام نے آزادی کا صحیح صحیح تعین اور حقوق وفرائض کی ٹھیک ٹھیک وضاحت کر دی ہے۔ بتا دیا گیا کہ کہاں تک تم آزاد ہو اور کہاں سے دوسروں کے حقوق کی حد شروع ہو جاتی ہے جہاں سے تم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ یہ اس لیے ہے تاکہ ہر شخص اپنی حدود کے اندر رہے۔ کوئی دوسرے کے حق پر

ڈاکہ نہ ڈالے۔ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ کرے۔ ظاہر ہے کہ فساد و بگاڑ اسی سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسلام نے نوعِ انسانی کو نظامِ عدل عطا کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ نظام بالفعل نافذ کر کے بھی دکھا دیا، اور مسلمانوں کو بھی یہ تعلیم دی گئی ہے کہ یہ نظامِ عدل قائم کریں۔ اِس کا دنیا میں فائدہ یہ ہوگا کہ سماج میں امن امان قائم ہو جائے گا، معاشرہ سدھر جائے گا۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ دین کی سربلندی کی جدوجہد سے ہمارا رب ہم سے راضی ہوگا اور ظاہر ہے کہ اللہ کی رضا ہی ہماری اصل کامیابی ہے۔

اسلام میں حسنِ اخلاق کا بہت اونچا مقام ہے۔ اللہ کی نگاہ میں اس کا بے انتہا اجر و ثواب ہے۔ اگرچہ کوئی آپ کا حق مارے تو آپ اُس سے بدلہ لے سکتے ہیں۔ قصاص کا قانون آپ کو یہ حق دیتا ہے۔ قرآن میں فرمایا گیا:

''اور ہم نے ان لوگوں کے لیے تورات میں یہ حکم لکھ دیا تھا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور سب زخموں کا اسی طرح بدلہ ہے لیکن جو شخص بدلہ معاف کر دے وہ اس کے لیے کفارہ ہوگا اور جو اللہ کے نازل فرمائے ہوئے احکام کے مطابق حکم نہ دے تو ایسے ہی لوگ بے انصاف ہیں''۔ (المائدۃ:45)

قانونِ قصاص' جیسا کہ متذکرہ آیات سے واضح ہے 'آنکھ کے بدلے آنکھ، کان کے بدلے کان، زخم کے بدلے میں زخم لگانا ہے۔ یہ اس دور میں بھی تھا اور آج بھی ہے۔ آپ اِس قانون کے تحت اپنے ساتھ ہونے والی زیادتی کے بدلے کا مطالبہ کر سکتے ہیں، اور قانون آپ کو سپورٹ کرے گا۔ فرض کریں، کسی کی آنکھ پھوڑی گئی ہے تو جواباً اس پھوڑنے والے کی آنکھ بھی پھوڑی جائے گی اور حق تلفی کرنے والے کو اس کی سزا ملے گی۔ لیکن قصاص کا حق دینے کے ساتھ ساتھ ہمیں عفو و درگزر کی تعلیم بھی دی گئی ہے۔ یہ بتایا گیا ہے کہ اگر ہم مجرم کو معاف کر دیا کریں تو یہ بہت بڑی نیکی ہے۔ اگر کوئی آپ کا حق مارے اور آپ اللہ کی خاطر اس سے دستبردار ہو جائیں، تاکہ جھگڑا ختم ہو جائے تو یہ طرزِ عمل اللہ کی خوشنودی کا باعث ہے۔ اِس سے جہاں دنیا میں امن و سلامتی کا تحفظ ہوگا، وہاں آخرت میں بھی آپ کو اس کا بڑا اجر ملے گا۔ آپؐ نے فرمایا: ''میں اُس شخص کے لیے جنت کے ایک نچلے طبقے میں ایک گھر کی ضمانت دیتا ہوں جو جھگڑا ختم کرنے کی غرض سے اپنے حق سے دستبردار ہو جائے''۔ ......... فرض کریں، ایک شخص کا دوسرے سے دو مرلے زمین کے معاملے میں تنازعہ تھا۔ اِس کے باوجود کہ وہ حق پر تھا، اس نے اِس لیے دستبرداری کر لی تاکہ تنازعہ نہ بڑھے اور نزاع ختم ہو جائے تو ایسے شخص کے لیے رسول اللہ ﷺ نے جنت میں گھر کی ضمانت دی ہے۔ اِس سے یہ معلوم ہوا کہ ہمارا دین معاشرے کے امن اسلامتی کو کس قدر اہمیت دیتا اور عزیز جانتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام سے زیادہ سلامتی کا حامل کوئی مذہب اور نظام ہو ہی نہیں سکتا، یہ ناممکن ہے۔ اصل ضرورت اِس بات کی ہے، ہم اسلام کی حقوق العباد سے متعلق تعلیمات پر پوری توجہ دیں۔ بدقسمتی سے ہم جب سے دین سے پیچھے ہٹے ہیں تو ان بنیادی اخلاقیات سے بھی محروم ہو گئے ہیں۔ اب نہ ہمارے اندر برداشت ہے، نہ تحمل و بردباری ہے۔ ہم ہر وقت ایک دوسرے کا حق غصب کرنے کی طاق میں رہتے ہیں۔ الزام تراشیاں اور حق تلفیاں ہمارا شیوہ بن چکا ہے۔ اس لیے کہ ہماری نظر دنیا پر ہے۔ ہم چاہتے ہیں کسی بھی قیمت پر ہمیں دنیا ملنی چاہیے۔ چنانچہ دھوکہ دہی' فراڈ' اور بددیانتی ہمارے مزاج کا حصہ بن چکی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک دوسرے پر بداعتمادی عام ہے۔ بڑے قریبی دوست بھی بڑے نیک جذبے سے مشترکہ کاروبار شروع کریں تو چند مہینے کے بعد یہ حالت ہو جاتی ہے کہ دوستی دشمنی میں بدل جاتی ہے۔ ہمارے ہاں ایثار و قربانی ہے ہی نہیں۔ حسنِ اخلاق اور حقوق العباد کی ادائیگی جو ہمارے دین کا بہت ہی خوشنما پہلو ہے، اگر ہم اس کی جانب پوری طرح متوجہ ہو جائیں تو دنیا جنت کا نمونہ پیش کرنے لگے، لوگوں کو سکون اور اطمینانِ قلبی کی دولت حاصل ہو جائے جو آج کل کی دنیا میں یکسر مفقود ہے۔ خوش اخلاقی ایک بہت اہم صفت ہے، آیئے اس حوالے سے چند احادیث ملاحظہ کریں۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں:

''اللہ کے رسول ﷺ تمام لوگوں میں سب سے زیادہ اچھے اخلاق کے حامل تھے۔''

**پریس ریلیز**

22 دسمبر 2008ء

## ملک پر جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں، قومی قیادت ملکی دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام کرے

### اقوامِ متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کی جانب سے جماعت الدعوۃ کے خلاف کارروائی کے معاملے میں ہماری قیادت کی جانب سے چین کو ویٹو سے روکنے کی خبریں شرمناک ہیں۔ ایسا کر کے بھارت کا کیس مضبوط کیا گیا

**حافظ عاکف سعید**

امیر تنظیمِ اسلامی حافظ عاکف سعید نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایسے موقع پر جب ملک پر جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں، قومی قیادت کا یہ فرض ہے کہ ملکی دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام کرے۔ لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ اس سنگین صورتِ حال میں ہماری قیادت نے انتہائی غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا ہوا ہے۔ جہاں ایک جانب یہ خبریں آ رہی ہیں کہ لشکرِ طیبہ پر اقوامِ متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کی جانب سے عائد کی جانے والی کارروائی کے خلاف ہماری قیادت کی جانب سے چین کو مزاحمتی کردار ادا کرنے سے روکا گیا اور بھارت کا کیس مضبوط کیا گیا، وہاں میاں نواز شریف کی جانب سے ممبئی دھماکے کے مبینہ ملزم اجمل قصاب کے بارے میں بیان کے نتیجے میں بھارتی میڈیا کا رخ ایک بار پھر پاکستان کی طرف مڑ گیا۔ حکومت کی جانب سے لشکرِ طیبہ پر پہلے ہی پابندی عائد تھی۔ لہٰذا سیکیورٹی کونسل کی قرارداد کو نظرانداز کیا جا سکتا تھا لیکن حیران کن امر یہ ہے جماعت الدعوۃ جو فلاحی کاموں کے حوالے سے عالمی شہرت حاصل کر چکی ہے، کے خلاف پابندی عائد کر کے امریکہ کو یہ موقع فراہم کیا گیا اسے دہشت گرد تنظیم قرار دے دے۔ جبھی کونڈو لیزا رائس نے کہا ہے کہ ہمیں خوب معلوم ہے کہ جماعت الدعوۃ کیا کرتی رہی ہے۔ ایسے میں ہم اللہ تعالیٰ سے دعا ہی کر سکتے ہیں کہ جس طرح اس نے آئی ایس آئی کے ڈائریکٹر جنرل کو ہندوستان جانے سے روکنے کی صورت پیدا کر دی تھی، اسی طرح اپنے فضل و کرم سے اپنی عطا کردہ مملکت کی حفاظت کا اپنی غیبی مدد کے ذریعہ اہتمام فرمائے۔ (جاری کردہ: مرکزی شعبہ نشر و اشاعت تنظیمِ اسلامی پاکستان)

آپؐ کو اعلیٰ اخلاق کا سرٹیفکیٹ خود اللہ نے عطا فرمایا۔ سورۃ القلم میں فرمایا کہ "بے شک آپ اخلاق کے اعلیٰ درجے پر فائز ہیں۔"

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: میں نے اللہ کے رسول ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

"ایک بندۂ مومن محض اپنے حسنِ اخلاق کی وجہ سے اُس مقام تک پہنچ جاتا ہے جو مسلسل روزہ رکھنے والے اور (رات کو) کھڑا رہنے والے (عبادت گزار) کا ہوتا ہے۔"

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں، اللہ کے رسول ﷺ سے سوال کیا گیا کہ وہ کون سا عمل ہے جس کی وجہ سے سب سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ کا تقویٰ اور حسن اخلاق۔ پھر پوچھا گیا، وہ کون سی چیزیں ہیں جو انسانوں کے زیادہ جہنم میں جانے کا سبب بنیں گی۔ آپؐ نے فرمایا: منہ اور شرمگاہ۔ یعنی بھوک اور شہوت کی تسکین کے لیے حلال وحرام کی تمیز نہ کرنا وہ جرم ہے جس کے باعث لوگ سب سے زیادہ جہنم میں جائیں گے۔

اسی طرح ایک اور روایت ہے۔ اس کے بھی راوی بھی حضرت ابوہریرہؓ ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

"سب سے زیادہ کامل ایمان والے لوگ وہ ہیں جو سب سے زیادہ اچھے اخلاق والے ہیں۔ اور تم میں سب سے زیادہ بہتر لوگ وہ ہیں جو تم میں اپنی عورتوں کے حق میں سب سے بہتر ہیں۔"

دیکھئے، اسلام نے مردوں کی طرح عورتوں کے حقوق بھی معین کردیئے ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ گھر کے ادارے کی سربراہی اللہ نے مرد کو عطا کی ہے اور اُسے عورت پر ایک درجہ دیا ہے، لیکن یہ سربراہی تھانیداری نہیں کہ مرد ہر وقت گھر میں سختی کرے بلکہ ادارے کا سربراہ ہونے کے ناطے مرد گھر کا کفیل اور بچوں کی تربیت کا ذمہ دار ہے۔ روزِ محشر اُس سے اِس بارے میں باز پرس ہوگی کہ آیا اُس نے اپنی ذمہ داری ادا کی یا نہیں۔ مردوں کو یہ تعلیم دی گئی ہے کہ وہ عورتوں سے حسن سلوک کریں، ان کے ساتھ اچھا رویہ رکھیں۔ اللہ نے انہیں جو اتھارٹی عطا کی ہے اُس کی بدولت وہ عورتوں پر جابر حکمران نہ بن جائیں، بلکہ اپنی بیویوں کے ساتھ دل لگی کی باتیں بھی کریں، انہیں خوش رکھیں۔ البتہ یہ احتیاط ضروری ہے کہ جب کوئی دین کا تقاضا داعی ہو، تو پھر عورتوں کی محبت پاؤں کی بیڑی نہیں بننی چاہیے۔ رسول اللہ ﷺ کے بارے میں سیرت کی کتابوں میں لکھا ہے کہ جب اذان کی آواز آتی تو آپؐ اپنے گھر والوں سے ایسے اُٹھ کر چل دیئے جاتے گویا انہیں پہچانتے ہی نہ ہوں۔

ہمارا دین وہ ہے، جس نے ہر سطح پر ایک دوسروں کے حقوق کی پاسداری کی تعلیم دی ہے۔ اور اِس مقصد کے لیے ہمیں قانونی نظام بھی دیا اور اخلاقی سطح پر بھی دوسروں کے ساتھ حسن سلوک کی تشویق وترغیب دلائی۔ مثال کے طور پر ایک حدیث میں آتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: "جو شخص کسی بندۂ مومن کی دنیا کی تکلیفوں میں سے کسی تکلیف کو دور کرے گا، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُس کی تکلیفوں کو اس سے دور کردے گا۔ اور جو شخص کسی مشکل میں گرفتار مسلمان کو مشکل سے نکالے گا، اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی مدد فرمائے گا۔"

ہمارے ہاں جو صورتحال ہے وہ ان تعلیمات کے یکسر برعکس ہے۔ نام نہاد دہشت گردی کی جنگ کے عنوان سے سوات اور قبائلی علاقوں میں اپنے ہی بے گناہ شہریوں کو ہلاک کیا جارہا ہے۔ اُن پر اس سے انداز سے بمبارٹمنٹ ہورہی ہے، گویا کسی ڈیکلیئرڈ ملک کی چھاؤنیوں پر حملے کیئے جارہے ہوں۔ کہا یہ جارہا ہے کہ وہاں "دہشت گرد" بیٹھے ہیں۔ افسوس کہ وہ لوگ جنہیں امریکہ دہشت گرد قرار دیتا ہے ہم بھی انہیں دہشت گرد قرار دے رہے ہیں۔ حالانکہ حقائق اس کے برعکس ہیں۔ ہم جن لوگوں کے خلاف کارروائیاں کررہے ہیں وہ ہمارے شہری ہیں، وہ دہشت گرد نہیں، یہ ہمارے ہی بے گناہ لوگ ہیں، جن کے خلاف ہم نے جبر اور دہشت گردی کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ روزانہ کئی بے گناہ مسلمان مارے جارہے ہیں۔ حالانکہ ازروئے قرآن ایک بے گناہ انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے۔ حکومت تو شہریوں کے تحفظ کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ اُس کا کام یہ نہیں کہ جس شہری کو چاہے ہلاک کردے۔ ہم ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں جس میں بے گناہوں کی جان چلی جائے۔ اگر ہمارے حکمران یہ سمجھتے ہیں کہ فی الواقع اُن علاقوں میں دہشت گرد موجود ہیں، جو بیرونی عناصر کے آلۂ کار کے طور پر لوگوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہیں تو اُن کے خلاف کارروائی کی جانی چاہیے، اس لیے کہ کسی کو بھی معصوم جانوں کے قتل کی اجازت نہیں دی جاسکتی، لیکن اس کے لیے صحیح راستہ وہ نہیں جو آپ نے اختیار کیا کہ آپ لوگوں پر بمباری شروع کردیں، بلکہ آپ ایسے عناصر کو تلاش کریں۔ اور انہیں گرفتار کرکے کڑی سزا دیں۔

اس وقت ملک میں بہت ہی عجیب صورتحال ہے۔ سوات اور قبائلی علاقوں میں باقاعدہ جنگ چھڑی ہوئی ہے۔ کتنے ہی لوگ مہاجر ہوگئے ہیں۔ کتنے ہی لوگوں کے عزیز جاں بحق ہوگئے ہیں، اور جو زندہ بچ گئے وہ انتقام کی آگ میں جل رہے ہیں۔ وہ سوچ رہے ہیں کہ آخر اُن کے عزیزوں کو کس جرم میں مارا گیا۔ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ آپ کی پارلیمنٹ میں قرارداد منظور ہوئی ہے کہ ان علاقوں میں فوجی کارروائی بند کردی جائے لیکن اس پر رتی برابر بھی عمل نہیں ہوا۔ اِن حالات میں اُن ارکان اسمبلی کو اسمبلی سے باہر آجانا چاہیے جنہوں نے یہ قرارداد منظور کی تھی۔ اگر عوامی نمائندوں کی بات نہیں سنی جارہی ہے تو پھر وہ اسمبلی میں کیوں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ ہمارے عوام ہوں یا اُن کے نمائندے، سب اپنے مفادات کے چکر میں ہیں۔ اسی لیے تو دشمن طاقتیں اپنے ایجنڈے کو بڑی سرعت کے ساتھ آگے بڑھا رہی ہیں۔ حال ہی میں ایک کٹے پھٹے پاکستان کا نقشہ پیش کیا گیا ہے۔ جس میں بلوچستان کو علیحدہ ملک دکھایا گیا، پنجاب کا کافی حصہ اُدھر (انڈیا میں) ظاہر کیا گیا، صوبہ سرحد (پختونستان) افغانستان کے ساتھ دکھایا گیا اور ایک کٹے پھٹے مختصر سے خطہ کو پاکستان دکھایا گیا ہے۔ اگرچہ دشمنوں کی یہ پلاننگ تو بہت پرانی تھی۔ وہ روزِ اوّل سے پاکستان کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینا چاہتے ہیں۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اب اُن کی جرأتیں بہت بڑھ گئی ہیں۔ شاید وہ کھل کر ایسے نقشے اس لیے چھاپ رہے ہیں کہ انہیں اپنے ناپاک ایجنڈے کو کامیابی سے آگے بڑھانے کا یقین ہوچلا ہے۔ انہوں نے ایک طرف ہمارے حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کے ذریعے فوج اور عوام کے درمیان بھی نفرت کی خلیج حائل کردی ہے، اور دوسری جانب عوام کو عوام سے ٹکرا دیا ہے۔ چنانچہ کچھ عرصے پہلے باجوڑ میں لشکر تیار کیے گئے ہیں اور مقامی لوگوں سے کہا گیا کہ طالبان کے خلاف لڑو۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اب قبائلی آپس میں لڑیں گے تو پھر ان کی جنگیں نسل در نسل چلیں گی۔ واقعی ہمارے دشمن امریکہ کی سٹریٹجی کامیاب جارہی ہے۔ اور ہم جو اسلام کے نام لیوا ہیں، پوری دنیا میں سلامتی کے پرچارک ہیں، اپنے ہی شہریوں کے اوپر قہر برسا رہے ہیں۔ یہ صورتحال دراصل اللہ کے عذاب کی شکل ہے جس کی طرف سورۃ الانعام میں اشارہ کیا گیا ہے فرمایا:

"کہہ دو کہ وہ (اس پر بھی) قدرت رکھتا ہے کہ تم پر اوپر کی طرف سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے عذاب بھیجے یا تمہیں فرقہ فرقہ کردے اور ایک کو دوسرے (سے لڑا کر آپس) کی لڑائی کا مزہ چکھادے۔ دیکھو، ہم اپنی آیتوں کو کس کس طرح بیان کرتے ہیں تاکہ یہ لوگ سمجھیں۔" (آیت: 65)

اگر اب بھی ہم نے اپنا رویہ نہ بدلا، اللہ سے، اللہ کے رسول ﷺ سے اور اللہ کے دین سے وفاداری نہ کی تو پھر اس عذاب کی شدت میں اور بھی اضافہ ہوگا۔ ان حالات میں ہم میں ہر ایک کو سب سے پہلے اپنی اصلاح کرنی چاہیے، اور پھر حکومت کی غلط پالیسیوں کے خلاف آواز اٹھانی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح راہ عمل کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین [تلخیص: محبوب الحق عاجز]

# سپر، سپر، سپر۔ پاور، صدر، صحافی، جوتا

محمد سمیع

نام نہاد سپر پاور امریکہ کے صدر بش پر پڑنے والا جوتا یقیناً سپر جوتا ہی ہوسکتا ہے اور وہ صحافی بھی سپر صحافی ہی ہوگا جس نے بھری بزم میں دل کی بھڑاس نکالنے کا موقع ضائع نہیں ہونے دیا۔ اس کا کہنا تھا کہ یہ ہماری طرف سے الوداعی بوسہ ہے۔ وہ بھلا یہ بات کیسے کہہ سکتا ہے۔ جوتے تو پڑتے ہی رہتے ہیں۔ کبھی یہ پڑتے ہوئے نظر آتے ہیں، کبھی نظر نہیں آتے۔ عراقی صحافی کو تو دوبدو جوتا چلانے کا سنہری موقع مل گیا، ورنہ اس سے پہلے بھی صدر بش کو جوتے پڑتے رہے ہیں۔ گو یہ جوتے امریکہ کے خلاف مظاہروں میں بش کے علامتی پتلے پر پڑتے رہے ہوں یا وہ جوتے جو چلتے تو ہیں پر نظر نہیں آتے۔ مثلاً عراق میں چلنے والے جوتے جو مجاہدین صف شکن چلاتے رہتے ہیں یا افغانستان میں طالبان کی طرف سے پڑتے رہتے ہیں اور نیٹو فورسز الاماں والحفیظ کا ورد کرتے ہوئے بہانگ دہل یہ اعلان کر رہی ہیں کہ طالبان سے محض طاقت کے بل پر جیتا نہیں جاسکتا۔ ویسے حضرت بش بڑے پھرتیلے نکلے کہ انہوں نے خود کو تو جوتوں سے بچالیا لیکن امریکی پرچم کو نہ بچاسکے۔ گو کہ ہدف تو صدر بش ہی تھے لیکن اصلاً جوتے کا مستحق تو نام نہاد سپر پاور امریکہ ہی ہے کیونکہ صدر کا کیا ہے وہ تو آتے جاتے رہتے ہیں۔ لیکن یہ کیسے صدر تھے جو اپنے ملک کی علمبرداری کا حق ادا نہ کرسکے۔ حالانکہ مجاہد تو وہ ہوتے ہیں جو اپنی جان پر کھیل جاتے ہیں لیکن پرچم کو گرنے نہیں دیتے۔ ویسے یہ خوب ہے کہ امریکی صدارت سے فراغت سے قبل بش پر جوتا چل گیا۔

اب تو امریکہ سے یہ پوچھنے کو دل چاہتا ہے کہ اتنے جوتے پڑے ہیں لیکن کوئی جوتا پسند نہیں آیا جیسا کہ کسی گاہک سے سیلز مین نے پوچھا تھا۔ وہ لطیفہ تو آپ نے سنا ہی ہوگا۔ چلئے نہیں سنا تو ہم سنائے دیتے ہیں۔ ایک صاحب جوتوں کی دوکان میں گئے۔ وہ فرمائش پر فرمائش کرتے چلے گئے کہ فلاں جوتا دکھاؤ اور فلاں جوتا دکھاؤ۔ بیچارہ سیلز مین دکھاتا چلا گیا۔ آخر میں جب اس نے دیکھا کہ گاہک بغیر کوئی جوتا خریدے چلا جارہا ہے تو اس نے پھبتی کسی کہ صاحب اتنے جوتے پڑے ہیں کوئی پسند نہیں آیا۔ گاہک صاحب بڑے جز بز ہوئے ہوں گے لیکن تھے بڑے کائیاں۔ تھوڑی دیر بعد سیلز مین نے دیکھا کہ وہ صاحب واپس اس کی دوکان کی طرف آرہے ہیں۔ آتے ہی انہوں نے کہا، فلاں جوتا دکھانا۔ اسے پہنا اور قیمت دریافت کی۔ فرض کیجئے سیلز مین نے کہا ہزار روپے۔ جی ہاں، اس ریکارڈ توڑ مہنگائی کے دور میں جوتا شائد ہزار روپے میں بھی نہ ملے۔ بہر حال انہوں نے سیلز مین سے کہا کہ پانچ سو روپے لیتے ہو یا اتاروں جوتا؟ امریکہ تو کمزور اقوام کو سو جوتوں کے ساتھ سو پیاز کھانے پر بھی مجبور کر رہا ہے۔ ہاں وہ ڈالر بھی دیتا ہے لیکن کسی ملک کی مدد کے لئے نہیں بلکہ اپنے مشن کی تکمیل کے لئے، مثلاً اپنی خواتین کو گھروں سے باہر لاؤ، اپنے نصاب تعلیم سے جہاد کے بارے میں قرآنی آیات کو حذف کرو وغیرہ وغیرہ۔

بش نے جوتے کا نمبر بھی اپنی شایان شان بتایا۔ ظاہر امریکہ جیسے سپر پاور کے صدر کے شایان شان دس نمبر کا جوتا ہی ہوسکتا ہے۔ ویسے بھی ان تمام اقوام نے جو بش کے مظالم سے تنگ آچکی ہیں، انہیں دس نمبری قرار دے رکھا ہے۔ صدر بش اس سوال سے بچ گئے کہ جوتوں کی پوری قطار پڑی ہے، افغانستان اور ایران سے ہوتی ہوئی عراق تک، کدھر سے شروع کیا جائے۔ ویسے عراقی صحافی نے بش کو بڑے غیر پارلیمانی انداز میں ”کتے“ کہہ کر پکارا۔ لیکن جب اس نے یہ غیر پارلیمانی حرکت کر ہی دی تھی تو اسے معلوم ہونا چاہئے کہ کتے کو جوتے سے نہیں ڈنڈے سے مارا کرتے ہیں۔ شائد اسے یہ معلوم بھی ہو لیکن وہ ایسا اس لئے نہیں کرسکتا تھا کیونکہ ڈنڈے سمیت پریس کانفرنس میں اسے جانے ہی نہیں دیا جاتا۔ تو پتہ چلا کہ جوتا واقعی بڑا محفوظ ہتھیار ہے۔ پہناوے کا پہناوا اور ہتھیار کا ہتھیار۔

قارئین! قربان جایئے بش کے اس تجاہل عارفانہ پر کہ انہیں یہ بات سمجھ میں نہیں آئی کہ صحافی نے ایسا کیوں کیا۔ آپ نے اس کے وطن کی اینٹ سے اینٹ بجادی تو کیا اسے اتنا بھی حق نہیں کہ وہ آپ پر جوتا ہی چلا سکے۔ اس نے جوتا ہی چلایا، کوئی اسکڈ میزائل تو نہیں چلایا۔ صدر بش نے اس موقع پر ظرافت کا مظاہرہ کرتے ہوئے صحافیوں سے کہا کہ آپ اس حوالے سے پوچھیں گے تو میں اتنا ہی کہوں گا کہ جوتا دس نمبر کا تھا۔ ظاہر ہے کہ دس نمبر کا جوتا کسی دس نمبری ہی پر چلایا جاسکتا تھا۔ انہیں شائد اس موقع پر ذوالفقار علی بھٹو یاد نہ آئے، ورنہ وہ یہ ضرور کہتے کہ مجھے معلوم ہے کہ جوتا بہت مہنگا ہوگیا ہے، ہم پیپلز پارٹی کی طرح روٹی کپڑا مکان تو فراہم نہیں کرسکتے کہ یہ کام ہم پہلے ہی کر چکے ہیں، البتہ جوتوں کی قیمتوں میں کمی کے لئے اقدامات کریں گے، بس ذرا موجودہ مالیاتی بحران سے نمٹ لیں۔

خبر یہ بھی ہے کہ عراق میں پریس کانفرنس میں شرکت کے لئے جہاں پہلے ہی تلاشی اور دیگر سخت حفاظتی تدابیر کی پڑتال کا سامنا رہتا ہے، اب آئندہ ان پر پریس کانفرنس میں شرکت کے لئے ننگے پاؤں آنے کی شرط عائد کئے جانے کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ یہ جائزہ تو ہر اس ملک کے متعلقہ محکمے کو لینا چاہئے جس کے حکمرانوں نے امریکہ کو نعوذ باللہ خدا کے برابر لا کھڑا کیا ہے جبھی تو وہ اپنے اقتدار کے دوام کے لئے اللہ کی خوشنودی پر امریکہ کی خوشنودی کو ترجیح دیتے ہیں۔ اور یہ کیسے ممکن ہے کہ ان کے خود ساختہ ”رب“ کی بارگاہ میں کوئی جوتا پہن کر داخل ہو۔

مختصر ترین بات یہ ہے کہ رب حقیقی نے درس عبرت کا ایک موقع مزید فراہم کردیا ہے تاکہ امریکہ بھی یہ جان لے کہ ؎

خودی کا جوش بڑھا آپ میں رہا نہ گیا
خدا بنے تھے یگانہ مگر بنا نہ گیا

اور اس کے پیروکاروں کو بھی عبرت حاصل ہوجائے کہ ؎

یہ وقت کس کی رعونت پہ خاک ڈال گیا
یہ کون بول رہا تھا خدا کے لہجے میں

# میں تنظیم اسلامی میں کیسے شامل ہوا

مراد علی
ملتزم رفیق حلقہ سرحد جنوبی

میرا تعلق مردان سے ہے۔ میں 1978ء میں میٹرک کا طالب علم تھا۔ اُن دنوں سکول کے چند لڑکوں کو ایک ادارے کی طرف سے ”خط و کتابت کورس“ کے اسباق آتے تھے۔ میں نے ایک ساتھی سے معلومات حاصل کیں اور خود بھی وہ کورس شروع کر دیا۔ پہلا کورس ”اسلام کیا ہے؟“ دوسرا ”اسلام کیا چاہتا ہے؟“ اور تیسرا ”اسلامی آداب“ کے بارے میں تھا۔ یہ کورسز قرآنی ترجمہ پر مشتمل تھے اور مفت بھیجے جاتے تھے۔ میں اُس ادارے کے بارے میں نہیں جانتا تھا کہ وہ کون لوگ تھے۔ پتہ ابھی تک زبانی یاد ہے ”تعلیم القرآن خط و کتابت سکول، پوسٹ بکس نمبر 1712 لاہور“۔ بہر حال یہ تینوں کورسز میں نے مکمل کیے۔ تیسرے کورس کے اختتام پر انہوں نے لکھا کہ چوتھا کورس ابھی تیار نہیں ہے، تیار ہونے پر ارسال کر دیں گے۔

1979ء میں میٹرک کا امتحان دے کر مزدوری کے لیے اِدھر اُدھر کا رُخ کیا۔ مزدوری کے سلسلے میں ضلع ہنگو کے ایک گاؤں سروزئی چلا گیا اور یہاں سے پھر اُس ادارے کو خط لکھا کہ کورس تیار ہونے پر ہنگو کے پتے پر بھیج دیں۔ تقریباً سال بعد ادارے نے یہ ”انبیاءِ قرآن“ کورس بھیج دیا۔ کورس کے علاوہ چند اور کتابیں بھی تھیں جو صدیقی ٹرسٹ کراچی کی تھیں۔ اب میں نے صدیقی ٹرسٹ کراچی (نمبر 18) کو خط لکھا اور اُن سے کچھ مزید کتابیں منگوائیں۔ وہ اپنی کتابوں کے علاوہ اور اداروں کی کتب بھی بلا قیمت بھیجتے تھے۔ ایک دفعہ میری طرف انہوں نے ”مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق“ نامی کتابچہ بھیجا۔ مختصر سا غالباً چار ورقہ تھا اور اس کی پشت پر لکھا تھا کہ تقسیم نہ ہونے پر K-36 ماڈل ٹاؤن لاہور کے پتہ پر واپس کر دیں۔ معلوم ہوا کہ یہ کوئی اور ادارہ ہے جو اس طرح کے کتابچے مفت تقسیم کر رہا ہے۔ لہٰذا میں نے K-36، ماڈل ٹاؤن لاہور کے پتے پر خط بھیجا۔ وہاں سے مجھے اور کتابیں تو ارسال نہیں کی گئیں، البتہ اس کتابچے کا مکمل ایڈیشن بھیج دیا گیا۔ یہ کتاب جس لفافے میں بند تھی، اس کی پشت پر ماہنامہ میثاق کا اشتہار تھا۔ اُس وقت میثاق کا زرِ تعاون =/30 روپے سالانہ تھا۔ میں نے چند دن بعد ادارے کو میثاق کے اجراء کے لیے منی آرڈر کے ذریعے زرِ تعاون بھیج دیا۔ غالباً یہ اگست یا ستمبر 1985ء کی بات ہے۔ چنانچہ میرے نام میثاق جاری کر دیا گیا۔ میثاق جب ملتا تھا تو میں اسے حرف بہ حرف پڑھتا۔ جب بانیٔ تنظیم اسلامی محترم ڈاکٹر اسرار احمد کی تقاریر کو پڑھتا تو بے اختیار آنکھوں سے آنسو بہہ جاتے۔ میثاق کے چند شمارے پڑھنے کے بعد دل میں کسی جماعت کے ساتھ وابستگی کا جذبہ پیدا ہوا لیکن مسئلہ یہ تھا کہ میں نہ کسی جماعت کو جانتا تھا اور نہ تنظیم کو۔ صرف مذہبی سیاسی جماعتوں کے نام سنے

یہ اللہ کا خصوصی فضل و کرم تھا کہ میں ایک عظیم مشن یعنی غلبۂ دین کے لیے تنظیم اسلامی میں شامل ہوا۔ اللہ نے میرے لیے یہ راستہ پسند کیا۔ یہ اُس کی مہربانی ہے۔ اس میں میرا کوئی کمال نہیں

تھے۔ میں اِس سوال کا جواب تلاش کر رہا تھا کہ مجھے کس جماعت میں شامل ہونا چاہیے۔ چونکہ میں نے میثاق میں ڈاکٹر صاحب کے چند مضامین پڑھے۔ جن سے مجھے اندازہ ہوا کہ یہ لوگ مخلص ہیں، لہٰذا مشورہ مانگنے کے لیے میں نے ادارہ کو خط لکھا کہ میں کسی جماعت میں شامل ہونا چاہتا ہوں، آپ میری رہنمائی کیجیے۔ وہاں سے جواب آیا کہ آپ کو اقامتِ دین کی جدوجہد میں شمولیت کا جذبہ مبارک ہو، آپ تنظیم اسلامی میں شامل ہو جائیے، اور ساتھ ہی عہد نامہ رفاقت بھیج دیا۔ میں نے یہ عہد نامہ رفاقت پُر کر کے واپس بھیج دیا۔ میں اب تک نہ تنظیم کو جانتا تھا، نہ ہی اُس کا نام سنا تھا۔ یہ اللہ کا خصوصی فضل و کرم تھا کہ میں ایک عظیم مشن یعنی غلبۂ دین کے لیے تنظیم اسلامی میں شامل ہوا۔ اللہ نے میرے لیے یہ راستہ پسند کیا۔ یہ اُس کی مہربانی ہے۔ اس میں میرا کوئی کمال نہیں۔

مرکز سے اُس وقت خطوط ہاتھ سے لکھے جاتے تھے اور بہت سے خطوط میری راہنمائی کے لیے آتے تھے۔ خطوط کے ذریعے سے پہلے چودھری غلام محمد صاحب نے اور اُن کے بعد محمد غوری صاحب نے میری بہت راہنمائی کی۔ میں آج بھی سوچتا ہوں کہ اگر میں تنظیم میں شامل نہ ہوتا تو نہ جانے کس بھٹکے ہوئے راستے کا راہی ہوتا۔

پشاور میں جب تنظیم کا دفتر کھولا گیا تو میجر (ر) فتح محمد صاحب نے، جو آج کل حلقہ سرحد جنوبی کے امیر ہیں میری راہنمائی کی۔ بعد ازاں اظہر بختیار خلجی صاحب بھی راہنمائی کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ اِن تمام حضرات کو جزائے خیر دے، آمین۔

یہ تو ایک مختصر سا بیان تھا کہ میں تنظیم اسلامی میں کس طرح شامل ہوا۔ اب چند اور باتیں لکھنا ضروری سمجھتا ہوں۔

میں نے تنظیم کے لیے تو کچھ نہیں کیا۔ ابھی تک ایک منفرد رفیق ہوں جو میری سستی، ایمان کی کمزوری اور کاہلی کا نتیجہ ہے لیکن تنظیم اسلامی کے مجھ پر بہت احسانات ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے تنظیم کی راہ دکھائی اور تنظیم کے ذریعے میں دینی تقاضوں سے آگاہ ہوا، میرا عقیدہ صحیح ہوا اور میری عبادت اور طرزِ معاشرت کی اصلاح ہوئی۔ ہمارا گھرانا ایک ناخواندہ اور دین سے نابلد گھرانا ہے۔ صرف والدہ صاحبہ ہیں، جنہوں نے صرف ناظرہ قرآن مجید پڑھا تھا اور محلے کی بچیوں کو قرآن پڑھاتی تھیں۔ اس کے علاوہ ہمارے گھرانے میں نہ کوئی لکھا پڑھا تھا اور نہ دیندار۔ تنظیم اسلامی کا مجھ پر سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ اُس نے مجھے دین کا ہمہ گیر تصور دیا، اس سے پہلے میں دین کے محدود تصور ہی سے واقف تھا۔

میں تنظیم اسلامی کے نظم کے بارے میں اگرچہ بہت سست و کاہل ہوں، لیکن اس بات کا یقین ہے کہ یہی فکر اسلام کی انقلابی فکر ہے۔ اگر یہ فکر میرے خاندان میں جڑیں مضبوط کرے تو ان شاء اللہ اس کا ثمر مجھے بھی ملے گا، کیونکہ خاندان میں اس دعوت کی بنیاد میں ہی ہوں۔ تنظیم اسلامی کے اکابرین اور رفقاء سے میری درخواست ہے کہ میرے لیے خصوصی دعا کریں کہ اللہ مجھے دینِ اسلام پر استقامت عطا فرمائے۔ والسلام۔

دعاؤں کا محتاج
مراد علی

ملک وقوم کو درپیش

# خطرات کے بڑھتے ہوئے سائے

## پس چہ باید کرد؟

طارق اسماعیل ملک

پاکستان نت نئے نئے بحرانوں کا شکار ہو رہا ہے۔ وہ ایک تو خانہ جنگی اور بیرونی سازشوں کا شکار ہے جس سے لاکھوں جانیں ضائع ہو چکی ہیں اور ہو رہی ہیں۔ دوسرا یہ کہ امریکہ بہادر نے ہماری سالمیت کو نشانہ بنایا ہوا ہے اور نام نہاد دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وہ ہمارے بے گناہ لوگوں کو قتل کر رہا ہے۔ اب حال ہی میں ہمارے ہمسایہ ملک بھارت میں ممبئی دھماکوں کی صورت میں جو واقعہ ہوا، اس کا الزام بغیر سوچے سمجھے اور بغیر کسی انتظار اور تحقیق کے پاکستان پر عائد کر دیا گیا ہے۔ ہندوستان کے مقتدر طبقے اور انتہا پسند ہندو تنظیموں دونوں نے ہی بڑے تند و تیز لہجے میں ہمیں مورد الزام ٹھہرایا۔ یہ الزام ہندوؤں کی متعصبانہ اور بیمار ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ ہندوؤں کو پاکستان کا وجود کسی صورت گوارا نہیں۔ خاکم بدہن، وہ ہر صورت اس کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ اس تمام تر صورتحال میں ہمیں یہ سوچنا ہے کہ ہمیں کرنا کیا ہے، جبکہ بھارت نے ہمارے خلاف طبل جنگ بجا ہی دیا ہے۔

ہمارے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا میں زیادہ تر یہی رائے قائم کی جا رہی ہے کہ ہمیں فی الحال پُر امن رہنا چاہیے، مذاکرات کا عمل، جو کچھ عرصہ سے چل رہا ہے اُسے پروان چڑھانا چاہیے اور اپنے دوست ممالک کے ذریعے انڈیا کو کسی انتہائی اقدام سے باز رکھنا چاہیے۔ یہ رائے اپنی جگہ، لیکن دشمن کے خطرناک عزائم کے مطابق ہمیں اپنی بھرپور تیاری بھی کرنی چاہیے۔ اس لیے کہ یہی چیز انڈیا کو جارحیت سے باز رکھے گی۔ ہندو سیاست کے باوا آدم چانکیہ نے ارتھ شاستر میں جو سبق ہندوؤں کو دیا وہ یہ ہے کہ دشمن کو دھمکاؤ، اگر وہ دبک جائے تو اُس پر ٹوٹ پڑو اور اگر اکڑ جائے تو پیچھے ہٹ جاؤ۔

دفاعی حکمت عملی تو بہر صورت ہمیں وضع کرنی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ چند باتیں وہ ہیں جن پر ہم سب کو توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

○ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ بحیثیت قوم ہمیں اپنی روش بدلنی ہوگی۔ بالفاظ دیگر اپنا قبلہ درست کرنا ہوگا۔ ہم مسلمان اور نبی اکرم ﷺ کے امتی ہیں۔ پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے اور اس کا نظریہ اسلام ہے۔ یہ ملک محض اسلام کے نام پر وجود میں آیا اور اسلامی ریاست ہی کی صورت میں اپنا وجود برقرار رکھ سکتا ہے۔ اس کی بنیاد نہ تو لسانی ہے، نہ علاقائی ہے اور نہ ہی کچھ اور۔ ہمیں اپنے شب و روز بدلنے ہوں گے۔ ہم مجموعی طور پر ایک غلط راہ پر چل رہے ہیں۔ سیاسی سطح پر غیر اللہ کی حکمرانی ہے۔ قرآن و حدیث سے بالا ہو کر اس ملک میں قانون بن رہے ہیں اور فیصلے ہو رہے ہیں، کیونکہ ہمارے حکمران دینی و اخلاقی تعلیمات سے نابلد اور سیکولر مزاج کے حامل ہیں۔ ہماری معیشت سود، جوئے اور لاٹری پر مبنی ہے۔ سود اور جوئے کو قانونی حیثیت حاصل ہے۔ حالانکہ سود کی اس درجے شناعت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اسے ماں کے ساتھ نکاح کرنے جیسے گھناؤنے فعل سے تشبیہ دی ہے، اور قرآن میں فرمایا گیا ہے کہ ایسے لوگوں کے خلاف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے اعلان جنگ ہے۔

معاشرتی اور اخلاقی سطح پر دیکھا جائے تو یہی نظر آتا ہے کہ ہم ہر قسم کی برائی میں ملوث ہیں۔ ہم اخلاقی پستی کا شکار ہیں۔ ہر شخص جہاں تک ہو سکتا ہے اپنی جگہ پر کرپٹ، خود غرض اور مفاد پرست ہے۔ ہر بڑا اپنے سے چھوٹے کا استحصال کر رہا ہے۔ مغرب اور بھارت کی طرف سے فحاشی اور عریانی کا جو سیلاب ایک خاص منصوبہ بندی کے تحت آ رہا ہے، ہم اس کے آگے بند باندھنے کی بجائے اس میں بہتے چلے جا رہے ہیں۔ ہمارے بچوں کی آنکھ صبح کو تلاوت قرآن کی ایمان افروز صدا کی بجائے انڈیا کے گانوں پر کھلتی ہے اور انڈیا کے گانوں پر ہی وہ نیند کی آغوش میں جاتے ہیں۔ تو بنیادی بات یہ ہے کہ ہمیں انفرادی اور اجتماعی سطح پر اسلام کی تعلیمات کو اپنانا ہوگا، جو نجات کی ضامن ہیں۔

○ ہمارے مقتدر طبقہ کو چاہیے کہ اہل پاکستان کی اخلاقی تربیت کے ساتھ ساتھ اُسے مہنگائی کے طوق سے نجات دلائے۔ اس کے لیے فوری اور جرأت مندانہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ حکمران مترفین اور محرومین (Haves and have nots) کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج کو کم کریں۔ پاکستان کا سرمایہ چند ہاتھوں میں ہے۔ وسائل اور سرمایے کا چند ہاتھوں میں ارتکاز اسلامی تعلیمات کے یکسر منافی ہے۔ ہمارے حکمران جو عوام دوست، غریب نواز ہونے اور روٹی کپڑا مکان کا نعرہ لگاتے ہیں، ان کے پاس ہزاروں ایکڑ زمینیں ہیں، بے بہا دولت ہے، وہ غریب عوام کے لیے اپنی زمینوں اور ہڑپ شدہ سرمائے کی قربانی دیں۔ ظالمانہ جاگیرداری نظام کا خاتمہ اور تقسیم دولت کا منصفانہ نظام وضع کریں۔ جب تک نظام میں تبدیلی کے جذبے سے اِس طرح کے انقلابی اقدامات نہیں ہوں گے، اسلامی اقتصادی نظام کو اختیار نہیں کیا جائے گا، اہل پاکستان کو ریلیف نہیں ملے گا اور نہ خوشحالی آئے گی، تب تک عوام مشکلات میں گرفتار رہیں گے۔

○ پوری قوم کو متفق ہو جانا چاہیے۔ مذہبی منافرت کو ختم کیا جائے۔ ہر قسم کے اختلافات کو پس پشت رکھتے ہوئے ان مشکل حالات میں اکٹھے ہو جانا چاہیے۔ علماء اور خطیب حضرات کے پاس منبر اور مسجد کا پلیٹ فارم ہے۔ وہ اس کے ذریعے دینی بیداری اور قومی یکجہتی کو فروغ دیں۔

○ تمام سیاسی اور دینی جماعتوں کو متحد ہو کر حکومت اور فوج کا ساتھ دینا چاہیے، تاکہ ہمارا دشمن دیکھ لے کہ اہل پاکستان متحد ہیں۔

○ اپنی خارجہ پالیسی میں چین، طالبان اور دیگر امریکہ و بھارت مخالف قوتوں کی حمایت حاصل کی جائے۔ چین کے ساتھ دفاعی معاہدہ خوش آئند بات ہے۔ امریکہ ہمارا دوست نہیں۔ اس نے ہمیں ہر مشکل وقت میں ہمیں دھوکہ دیا ہے۔ اس پر اعتبار نہ کیا جائے۔ وہ اپنے طویل المیعاد مقاصد کے تحت روز اول سے انڈیا کی طرف جھکاؤ رکھتا ہے۔

○ اگر انڈیا کوئی غلط قدم اُٹھاتا ہے، اور وہ اپنی طاقت کے نشے میں اور پاکستان کو کمزور تصور کرتے ہوئے (اگرچہ پاکستان ہرگز کمزور نہیں ہے) ہم پر جارحیت کرتا ہے تو پاکستان کو اینٹ کا جواب پتھر سے دینا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے ہمیں ابھی سے تیاری شروع کر دینی چاہیے۔ سب سے پہلے سوات اور قبائلی علاقوں میں اپنے ہی بھائیوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے، اور قبائلی بھائیوں کو اعتماد میں لیا جائے۔ قبائلی علاقوں کے محبِ وطن عوام نہ صرف ہماری مغربی سرحد کے محافظ ہیں، بلکہ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے 1948ء میں آزادی کشمیر کی جنگ لڑ کر موجودہ آزاد کشمیر کو آزادی دلوائی۔ انڈیا کے خلاف ہر پاکستانی کو اپنے جسم کا آخری قطرہ تک بہانے کا عزم کر لینا چاہیے۔ اس تصادم میں سرخروئی حاصل کرنے کے لیے ہمیں اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت کی اشد ضرورت ہے اور اللہ تعالیٰ انہی لوگوں کی مدد کرتا ہے جو اس کے دین کو قائم و نافذ کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں، اس سے لو لگاتے ہیں۔

# نپولین کے مزار پر

[بالِ جبریل]

راز ہے راز ہے تقدیرِ جہانِ تگ و تاز
جوشِ کردار سے کھل جاتے ہیں تقدیر کے راز

جوشِ کردار سے شمشیرِ سکندر کا طلوع
کوہِ الوند ہوا جس کی حرارت سے گداز

جوشِ کردار سے تیمور کا سیلِ ہمہ گیر
سیل کے سامنے کیا شے ہے نشیب اور فراز

صفِ جنگاہ میں مردانِ خدا کی تکبیر
جوشِ کردار سے بنتی ہے خدا کی آواز!

ہے مگر فرصتِ کردار نفس یا دو نفس
عوض یک دو نفس قبر کی شب ہائے دراز!

''عاقبت منزلِ ما وادیٔ خاموشاں است
حالیا غلغلہ در گنبدِ افلاک انداز!''

نپولین کا شمار فرانس ہی نہیں' بلکہ دنیا کے عظیم ترین جرنیلوں میں ہوتا ہے۔ یہ اُس کی بے پناہ صلاحیت اور جدوجہد ہی کا نتیجہ تھا کہ وہ معمولی لیفٹیننٹ کے عہدے سے ترقی پا کر فرانسیسی افواج کا سپہ سالار اور پھر مطلق العنان شہنشاہ بنا۔ اس نے زندگی میں سینکڑوں جنگوں میں فتح حاصل کی' لیکن واٹرلو کے مقام پر انگریزوں سے شکست کھائی' جس کے بعد اسے جزیرہ سینٹ ہلینا میں قید کر دیا گیا اور وہیں 1891ء میں وفات پائی۔

علامہ اقبال جب پیرس میں نپولین کے مقبرے پر گئے تو اس سے متاثر ہو کر یہ نظم کہی جو اقبال کی بلند پایہ نظموں میں سے ہے۔ اس کی تشریح یہ ہے:

1- ہر چند کہ یہ دنیا جوشِ عمل اور انتہائی حرکت و جدوجہد کی حامل ہے' اس کائنات میں انسان کی تقدیر ایک راز کی حیثیت رکھتی ہے جس کی عقدہ کشائی ممکن نہیں۔ مستقبل میں کیا ہونے والا ہے' اس کے بارے میں انسانی علم کچھ بتانے سے معذور ہے۔ تاہم یہ حقیقت ہے کہ انسان میں جوشِ عمل اور جدوجہد کا جذبہ موجود ہو تو تقدیر کے راز کھلنے کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔

2- اور یہی جوشِ کردار اور عمل تھا' جس کی مدد سے سکندرِ اعظم نے ایران جیسی مستحکم اور پرشکوہ سلطنت کو تہ و بالا کر دیا تھا اور اس کا نقش صفحۂ ہستی سے مٹا دیا تھا (کوہِ الوند ایران کا ایک بڑا پہاڑ ہے)۔

3- یہ جوشِ کردار اور عمل ہی تھا جس نے امیر تیمور کی عسکری قوت کو ایک ہمہ گیر طوفان میں ڈھال دیا۔ اس طوفان کے مقابلے پر جو بھی آیا' اُس کے ریلے میں بہہ گیا۔ ظاہر ہے کہ اِس نوع کے ہمہ گیر طوفان کے مقابلے پر بلندی اور پستی کی کیا حیثیت رکھتی ہے۔ وہ تو جب پوری تیزی کے ساتھ آگے بڑھتا ہے تو بلندی کو دیکھتا ہے نہ پستی کو۔ ہر چیز کو روندکر بڑھتا چلا جاتا ہے۔

4- میدانِ کارزار میں جب اللہ کے سپاہی معرکہ آرا ہو کر نعرۂ تکبیر بلند کرتے ہیں تو جوشِ کردار اور عمل ہی کی بنیاد پر بلند کرتے ہیں۔ پھر یہی نعرہ عملاً نعرۂ حق یعنی خدا کی آواز بن جاتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ نعرۂ تکبیر میں رضائے الٰہی بھی شامل ہو جاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ دشمن کے لیے تو یہ نعرہ صورِ اسرافیل سے کم نہیں ہوتا۔

5- تاہم یہ جوشِ کردار و عمل انسان کی عمر کے ساتھ بہت ہی مختصر ہوتا ہے۔ اس کے بعد تو قبر کا لمبا عرصہ ہوتا ہے جو روزِ قیامت تک مقدر کر دیا گیا ہے۔ مراد یہ ہے کہ زندگی عارضی اور مختصر ہوتی ہے۔ اپنے کردار و عمل سے اس مختصر اور عارضی وقت سے پوری طرح استفادہ کرنا چاہیے' تاکہ انسان کا نام اُس کی موت کے بھی زندہ رہے۔ اور یہ سب کچھ جوشِ کردار اور عمل کے بغیر ممکن نہیں۔

6- نظم کا آخری شعر اقبال کا نہیں' حافظ شیرازی کا ہے' جس میں کہا گیا ہے کہ انسان کی منزل بالآخر قبر ہی تو ہے' جہاں سکوت اور خاموشی کے سوا اور کچھ نہیں۔ قبر سے نہ تو کوئی صدا بلند ہوتی ہے' نہ ہی کوئی اور شے قریب پھٹکتی ہے۔ جب صورتِ حال یہ ہو تو کیوں نہ زندگی کو ہنگامہ ہاؤ ہُو میں صرف کیا جائے اور یہ آواز اتنی بلند کی جائے کہ وہ گنبدِ افلاک میں بھی غلغلہ پیدا کر دے۔

# الزام تراشی کی بجائے اپنے گریبان میں جھانکئے

جاوید قریشی

ممبئی میں ہونے والی دہشت گردی اور ہلاکتوں پر حکومت پاکستان نے دکھ اور افسوس کا بھرپور اظہار کیا اور پسماندگان سے اظہارِ ہمدردی کیا۔ حکومت پاکستان نے بھارت کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی تھی۔ دہشت گردی کے واقعات ابھی جاری تھے، کوئی تفتیش مکمل تو کجا شروع بھی نہ ہونے پائی تھی، روایات کے مطابق بھارت نے ایک بار پھر ان واقعات کا الزام پاکستان پر دھرا۔ وزیر اعظم من موہن سنگھ نے جو نرم خو اور نرم گفتار ہونے کی شہرت رکھتے ہیں، دھمکی آمیز لہجے میں بیان کیا کہ دہشت گردی کا سرا پڑوسی ملک میں جا نکلتا ہے جس کی پوری قیمت ادا کرنی ہوگی۔ وزیر خارجہ پرناب مکھرجی دیگر قائدین اور بالخصوص بھارت کے میڈیا نے سخت بغض اور عناد بھرا رویہ اختیار کیا، عوام کے جذبات کو بھڑکایا۔ بعض کوتاہ عقل، عاقبت نااندیش رہنماؤں اور میڈیا کے نمائندوں نے اپنی حکومت سے پاکستان پر حملہ کر دینے کا مطالبہ کیا۔ ان دو پڑوسی ملکوں کے درمیان جنگ کیا رخ اختیار کر سکتی تھی، اندازہ لگا لینا دشوار نہ ہونا چاہیے۔ جوہری قوت سے لیس پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کا مشورہ کوئی دیوانہ ہی اپنی حکومت کو دے سکتا ہے۔ مقابلہ میں پاکستان میں حکومت اور میڈیا نے بلوغت اور سنجیدگی کا مظاہرہ کیا۔ دونوں حکومتوں کو تعاون اور سکون کا مشورہ دیا اور عوام الناس کو بھڑکانے کی بجائے سمجھایا کہ جنگ کس قدر ہولناک اور خطرناک ہو سکتی ہے۔

بھارتی حکومت کے جنگی جنون کی ایک وجہ اس وقت انٹیلی جنس کی مکمل ناکامی پر عوام کا شدید ردِ عمل ہو سکتا ہے۔ عوام بھنائے ہوئے تھے کہ اتنا بڑا واقعہ ہو جائے جس میں 200 کے قریب لوگ ہلاک ہو جائیں اور انٹیلی جنس ایجنسیز سوتی رہ جائیں۔ مرکزی حکومت کے خلاف ممبئی میں شدید مظاہرے ہوئے۔ عوامی ردِ عمل کے سامنے سر جھکانے کے علاوہ حکومت کے پاس کوئی اور چارہ نہ تھا۔ وفاقی وزیر داخلہ، انٹیلی جنس چیف، مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ان متعدد لوگوں میں شریک تھے، جن کو استعفا دینا پڑا (ہرچند کہ اس قسم کی کوئی روایت ابھی تک ہمارے ملک میں قائم نہیں ہو سکی) پھر بھی عوام کا غیظ و غضب مکمل طور پر قابو میں نہ آیا۔ اس کے علاوہ ریاستی اور کچھ عرصہ بعد وفاقی انتخابات کا سامنا بھی حکمران کانگریس کو تھا۔ حکومت کمزور ہونے کا تاثر نہ دینا چاہتی تھی اور ثابت کرنے پر مصر تھی کہ پاکستان جیسے ملک کو بھارتی حکومت اچھی طرح سبق سکھا سکتی ہے۔ یہ اور بات کہ ممبئی سے پہلے بھی بھارت دہشت گردی کا شکار رہا ہے۔ 40 ہزار سے زائد بھارتی باشندے دہشت گردی کا شکار ہوئے ہیں۔ ہلاک شدگان کی یہ تعداد محض عراق سے کم ہے ورنہ کسی اور ملک میں اتنے افراد دہشت گردوں کے ہاتھوں

> اقوام مغرب ''مسلم پاکستان کے مقابلہ میں غیر مسلم بھارت'' کو ہمیشہ ترجیحی سلوک کا حقدار سمجھتی رہی ہیں۔ بھارت کچھ بھی کرے وہ راستی پر ہوتا ہے اور پاکستان کچھ نہ بھی کرے تو قصوروار ٹھہرتا ہے

لقمۂ اجل نہیں بنے۔ بھارت کے 17 صوبوں اور 803 اضلاع میں سے 231 میں علیحدگی یا دہشت گردی کی تحریکیں چل رہی ہیں۔ انتہا پسند بھارت میں بھی موجود ہیں، جن کے ہاتھوں اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کی زندگی کو ہر لمحہ خطرات لاحق رہتے ہیں۔ ایسا نہیں کہ دیگر اقلیتیں بہت سکون کی زندگی گزار رہی ہیں۔ آئے روز مسیحی لوگوں، ان کی عبادت گاہوں پر حملے اور قتل و غارت کوئی ان دیکھے واقعات نہیں۔ دلت اور شودر طبقہ علیحدہ ان ''اونچی ذات'' کے لوگوں سے طرح طرح کے مظالم کا شکار رہتے ہیں۔ لیکن یہ ایسے واقعات ہیں جن پر مغربی اقوام امریکہ یا یورپی یونین پر کوئی بوجھ نہیں پڑتا، نہ انہیں تکلیف ہوتی ہے۔ پاکستان میں مساجد پر حملے دہشت گردی کے واقعات سے ہزاروں بے گناہ لقمۂ اجل بنے۔ امریکہ کو کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔ اسلام آباد کا میریٹ ہوٹل کہیں زیادہ بری طرح تباہ ہوا، لیکن امریکہ اور دیگر مغربی قائدین کی زبان سے ہمدردی کے دو بول بھی مشکل ہی سے ادا ہو سکے۔

اقوام مغرب ''مسلم پاکستان کے مقابلہ میں غیر مسلم بھارت'' کو ہمیشہ ترجیحی سلوک کا حقدار سمجھتی رہی ہیں۔ بھارت کچھ بھی کرے وہ راستی پر ہوتا ہے اور پاکستان کچھ نہ بھی کرے تو قصوروار۔ اسرائیل اور بھارت ایٹمی قوتیں بن جائیں تو انسانی حقوق کے علمبرداروں کو کوئی پریشانی نہیں۔ اگر پاکستان مدافعانہ طور پر جوہری دھماکہ کرے تو گردن زدنی اور سنگین اقتصادی پابندیوں کا حقدار۔ بھارت بلوچستان میں افراتفری پھیلا کر حکومت کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کرے تو مغرب نظر انداز کر دے۔ یہ ''سیکولر جمہوری'' ملک، پاکستان کے شمال مغربی حصہ میں دہشت گردی کے فروغ میں روپیہ پانی کی طرح بہائے تو اس سے کوئی مواخذہ نہ ہو۔ مقابلہ میں پاکستان کی رفاہی تنظیم جو کلیتاً فلاحِ عامہ کے کاموں میں مصروف ہو (جیسے تعلیم، صحت وغیرہ) تو اسے دہشت گرد قرار دے کر ہر قسم کی پابندی کا نشانہ بنا دیا جائے۔ خود ہی الزام تراشی کریں خود ہی فیصلہ سنا دیں۔

ہوئے ہیں اہل ہوس مدعی بھی منصف بھی
کسے وکیل کریں، کس سے منصفی چاہیں

ممبئی کے واقعات کے بعد دنیا کے ڈھیروں رہنما بھارت یاترا کے لیے دہلی تشریف لائے، بھارت کی دلجوئی کی، پاکستان کو شدید الفاظ میں ہدفِ تنقید بنایا اور قرار دیا کہ پاکستان کی سرزمین بھارت کے خلاف حملہ میں استعمال ہوئی ہے۔ اور یہ کہ پاکستان کو بھارت کے ساتھ شفاف طریقہ پر تعاون کرنا چاہیے، اور جو لوگ اس حملہ میں شرکت یا اعانت کے مرتکب ہوئے ہیں انہیں قانون کے کٹہرے میں لانا چاہیے تاکہ اس قسم کے اقدامات کا سدباب ہو سکے، اور یہ خطہ دہشت گردوں سے محفوظ رہے۔ امریکہ کی وزیر خارجہ کونڈالیزا رائس اور رچرڈ باؤچر سب سے پہلے برصغیر کے دورے پر پہنچے۔ امریکی وزیر خارجہ نے بیان دیا کہ ٹھوس شواہد موجود ہیں کہ پاکستان کی سرزمین دہشت گردی کے ارتکاب کے لیے استعمال ہوئی ہے۔ بھارت کے بعد وہ اسلام آباد بھی آئیں اور پاکستان کو درست اقدامات بہ سرعت کرنے کی تلقین فرمائی۔ مراد یہ تھی کہ پاکستان بھارت کے حسب منشا اور حسب خواہش اقدام کرے اور جن جن لوگوں کو بھارت کہے، انہیں گرفتار کرکے بھارت کے حوالے کرے۔ جس طرح جنرل مشرف کے دور میں پاکستانیوں کو پکڑ پکڑ کر امریکہ کے حوالہ کیا جاتا رہا

ڈاکہ نہ ڈالے۔ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ کرے۔ ظاہر ہے کہ فساد و بگاڑ اسی سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسلام نے نوعِ انسانی کو نظامِ عدل عطا کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ نظام بالفعل نافذ کر کے بھی دکھا دیا، اور مسلمانوں کو بھی یہ تعلیم دی گئی ہے کہ یہ نظامِ عدل قائم کریں۔ اس کا دنیا میں فائدہ یہ ہوگا کہ سماج میں امن امان قائم ہو جائے گا، معاشرہ سدھر جائے گا۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ دین کی سربلندی کی جدوجہد سے ہمارا رب ہم سے راضی ہوگا اور ظاہر ہے کہ اللہ کی رضا ہی ہماری اصل کامیابی ہے۔

اسلام میں حسنِ اخلاق کا بہت اونچا مقام ہے۔ اللہ کی نگاہ میں اس کا بے انتہا اجر و ثواب ہے۔ اگرچہ کوئی آپ کا حق مارے تو آپ اُس سے بدلہ لے سکتے ہیں۔ قصاص کا قانون آپ کو یہ حق دیتا ہے۔ قرآن میں فرمایا گیا:

> "اور ہم نے ان لوگوں کے لیے تورات میں یہ حکم لکھ دیا تھا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور سب زخموں کا اسی طرح بدلہ ہے لیکن جو شخص بدلہ معاف کر دے وہ اس کے لیے کفارہ ہوگا اور جو اللہ کے نازل فرمائے ہوئے احکام کے مطابق حکم نہ دے تو ایسے ہی لوگ بے انصاف ہیں"۔ (المائدۃ:45)

قانونِ قصاص جیسا کہ متذکرہ آیات سے واضح ہے 'آنکھ کے بدلے آنکھ، کان کے بدلے کان، زخم کے بدلے میں زخم لگانا ہے۔ یہ اس دور میں بھی تھا اور آج بھی ہے۔ آپ اس قانون کے تحت اپنے ساتھ ہونے والی زیادتی کے بدلے کا مطالبہ کر سکتے ہیں، اور قانون آپ کو سپورٹ کرے گا۔ فرض کریں، کسی کی آنکھ پھوڑی گئی ہے تو جواباً اس پھوڑنے والے کی آنکھ بھی پھوڑی جائے گی اور حق تلفی کرنے والے کو اس کی سزا ملے گی۔ لیکن قصاص کا حق دینے کے ساتھ ساتھ ہمیں عفو و درگزر کی تعلیم بھی دی گئی ہے۔ یہ بتایا گیا ہے کہ اگر ہم مجرم کو معاف کر دیا کریں تو یہ بہت بڑی نیکی ہے۔ اگر کوئی آپ کا حق مارے اور آپ اللہ کی خاطر اس سے دستبردار ہو جائیں، تاکہ جھگڑا ختم ہو جائے تو یہ طرزِ عمل اللہ کی خوشنودی کا باعث ہے۔ اس سے جہاں دنیا میں امن و سلامتی کا تحفظ ہوگا، وہاں آخرت میں بھی آپ کو اس کا بڑا اجر ملے گا۔ آپؐ نے فرمایا: "میں اس شخص کے لیے جنت کے ایک نچلے طبقے میں ایک گھر کی ضمانت دیتا ہوں جو جھگڑا ختم کرنے کی غرض سے اپنے حق سے دستبردار ہو جائے"......... فرض کریں، ایک شخص کا دوسرے سے دو مرلے زمین کے معاملے میں تنازعہ تھا۔ اس کے باوجود کہ وہ حق پر تھا، اس نے اس لیے دستبرداری کر لی تاکہ تنازعہ نہ بڑھے اور نزاع ختم ہو جائے تو ایسے شخص کے لیے رسول اللہ ﷺ نے جنت میں گھر کی ضمانت دی ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ ہمارا دین معاشرے کے امن اسلامتی کو کس قدر اہمیت دیتا اور عزیز جانتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام سے زیادہ سلامتی کا حامل کوئی مذہب اور نظام ہو ہی نہیں سکتا، یہ ناممکن ہے۔ اصل ضرورت اس بات کی ہے ہم اسلام کی حقوق العباد سے متعلق تعلیمات پر پوری توجہ دیں۔ بدقسمتی سے ہم جب سے دین سے پیچھے ہٹے ہیں تو ان بنیادی اخلاقیات سے بھی محروم ہو گئے ہیں۔ اب نہ ہمارے اندر برداشت ہے، نہ تحمل و بردباری ہے۔ ہم ہر وقت ایک دوسرے کا حق غصب کرنے کی طاق میں رہتے ہیں۔ الزام تراشیاں اور حق تلفیاں ہمارا شیوہ بن چکا ہے۔ اس لیے کہ ہماری نظر دنیا پر ہے۔ ہم چاہتے ہیں کسی بھی قیمت پر ہمیں دنیا ملنی چاہیے۔ چنانچہ دھوکہ دہی، فراڈ اور بددیانتی ہمارے مزاج کا حصہ بن چکی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک دوسرے پر بداعتمادی عام ہے۔ بڑے قریبی دوست بھی بڑے نیک جذبے سے مشترکہ کاروبار شروع کریں تو چند مہینے کے بعد یہ حالت ہو جاتی ہے کہ دوستی دشمنی میں بدل جاتی ہے۔ ہمارے ہاں ایثار و قربانی ہے ہی نہیں۔ حسنِ اخلاق اور حقوق العباد کی ادائیگی جو ہمارے دین کا بہت ہی خوشنما پہلو ہے، اگر ہم اس کی جانب پوری طرح متوجہ ہو جائیں تو دنیا جنت کا نمونہ پیش کرنے لگے، لوگوں کو سکون اور اطمینانِ قلبی کی دولت حاصل ہو جائے جو آج کل کی دنیا میں یکسر مفقود ہے۔

خوش اخلاقی ایک بہت اہم صفت ہے، آیئے اس حوالے سے چند احادیث ملاحظہ کریں۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں:

> "اللہ کے رسول ﷺ تمام لوگوں میں سب سے زیادہ اچھے اخلاق کے حامل تھے"۔

**پریس ریلیز**

22 دسمبر 2008ء

## ملک پر جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں، قومی قیادت ملکی دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام کرے

### اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کی جانب سے جماعت الدعوۃ کے خلاف کارروائی کے معاملے میں ہماری قیادت کی جانب سے چین کو ویٹو سے روکنے کی خبریں شرمناک ہیں۔ ایسا کر کے بھارت کا کیس مضبوط کیا گیا

**حافظ عاکف سعید**

امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایسے موقع پر جب ملک پر جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں، قومی قیادت کا یہ فرض ہے کہ ملکی دفاع کے لیے ہر ممکن اقدام کرے۔ لیکن انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ اس سنگین صورتِ حال میں ہماری قیادت نے انتہائی غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا ہوا ہے۔ جہاں ایک جانب یہ خبریں آ رہی ہیں کہ لشکر طیبہ پر اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کی جانب سے عائد کی جانے والی کارروائی کے خلاف ہماری قیادت کی جانب سے چین کو مزاحمتی کردار ادا کرنے سے روکا گیا اور بھارت کا کیس مضبوط کیا گیا، وہاں میاں نواز شریف کی جانب سے ممبئی دھماکے کے مبینہ ملزم اجمل قصاب کے بارے میں بیان کے نتیجے میں بھارتی میڈیا کا رخ ایک بار پھر پاکستان کی طرف مڑ گیا۔ حکومت کی جانب سے لشکر طیبہ پر پہلے ہی پابندی عائد تھی۔ لہٰذا سیکیورٹی کونسل کی قرارداد کو نظرانداز کیا جا سکتا تھا لیکن حیران کن امر یہ ہے جماعت الدعوۃ جو فلاحی کاموں کے حوالے سے عالمی شہرت حاصل کر چکی ہے، کے خلاف پابندی عائد کر کے امریکہ کو یہ موقع فراہم کیا گیا اسے دہشت گرد تنظیم قرار دے۔ جبھی کنڈولیزا رائس نے کہا ہے کہ ہمیں خوب معلوم ہے کہ جماعت الدعوۃ کیا کرتی رہی ہے۔ ایسے میں ہم اللہ تعالیٰ سے دعا ہی کر سکتے ہیں کہ جس طرح اس نے آئی ایس آئی کے ڈائریکٹر جنرل کو ہندوستان جانے سے روکنے کی صورت پیدا کر دی تھی، اسی طرح اپنے فضل و کرم سے اپنی عطا کردہ مملکت کی حفاظت کا اپنی غیبی مدد کے ذریعہ اہتمام فرمائے۔

(جاری کردہ: مرکزی شعبہ نشر و اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان)

# اشاریہ مضامین ہفت روزہ ''ندائے خلافت'' 2008ء

مرتب: فرید اللہ خان مروت

سال 2008ء میں مجموعی طور پر ندائے خلافت کے 49 شمارے شائع ہوئے۔ ان شماروں میں مختلف عنوانات کے تحت جو مضامین، تحریریں اور تنظیم اسلامی کی دعوتی وتربیتی سرگرمیوں کی رپورٹیں شائع کی گئیں، ذیل میں ان کا مفصل اشاریہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اشاریہ کے ہر موضوع کی ابتدا میں موجود ہندسہ نمبر شمار نہیں، شمارہ نمبر ہے (ادارہ)

## سرورق کے منتخب شہ پارے

**سرورق کے صفحۂ اوّل پر مشاہیر کی تحریروں سے اخذ کردہ منتخب شہ پاروں کی فہرست**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | اللہ کی اطاعت | مولانا ابوالاعلیٰ مودودی |
| 2۔ | ظلم کا خاتمہ اور عدل کا قیام | سید عمر تلمسانی |
| 3۔ | ناقابل معافی جرم | مولانا احتشام الحسن کاندھلوی |
| 4۔ | قلبی تعلق | سید ابوالاعلیٰ مودودی |
| 5۔ | حکمت کے موتی | سید اسعد گیلانی |
| 6۔ | ایمان وعقیدہ کی طاقت | سید قطب شہید |
| 7۔ | سرمایہ داری نہیں، سرمایہ کاری | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 8۔ | دوسری قوموں کی نقالی | مولانا ابوالاعلیٰ مودودی |
| 9۔ | امن وسلامتی کا مسئلہ | پروفیسر عبدالماجد |
| 10۔ | ہم آزمائشوں کا مقابلہ کیسے کریں؟ | استاد فتحی یکن |
| 11۔ | رسول اللہؐ بحیثیت داعی انقلاب | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 12۔ | مغربی تہذیب اور اقدار کا بائیکاٹ کیجیے | امام کعبہ الشیخ راشد الخالد |
| 13۔ | شریعت کو کیسے مسلمان درکار ہیں؟ | مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی |
| 14۔ | عزت کا راستہ | سید قطب شہید |
| 15۔ | مکمل اور دائمی شریعت | عبدالقادر عودہ شہید |
| 16۔ | انسانیت کے خلاف گھناؤنا جرم | سید قطب شہید |
| 17۔ | اسلام اور جاہلیت | مولانا صدرالدین اصلاحی |
| 18۔ | معروف ومنکر | پروفیسر خورشید احمد |
| 19۔ | اسلام کا اسلوب حیات | سید قطب شہید |
| 20۔ | مسلمان حکومتوں کا انحراف | عبدالقادر عودہ شہید |
| 21۔ | اگر تم انسانوں کو بدلنا چاہتے ہو...... | مولانا ابوالکلام آزاد |
| 22۔ | اندازِ فکر میں تبدیلی | حیدر زمان صدیقی |
| 23۔ | پہاڑ جیسی غلطی | پروفیسر ڈاکٹر محمد امین |
| 24۔ | وکلاء کی عظیم جدوجہد | امیر تنظیم اسلامی |
| 25۔ | خطرناک طرز معاشرت | مولانا عبیداللہ سندھی |
| 26۔ | سلامتی کی واحد راہ | محمد موسیٰ بھٹو |
| 27۔ | مجرمانہ سوچ | عابد اللہ جان |
| 28۔ | نورِ خدا کے دشمن؟ | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 29۔ | پناہ کا واحد راستہ | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 30۔ | زندہ اور متحرک ایمان | عبداللہ فہد فلاحی |
| 31۔ | داعیٔ حق کی ذمہ داری | امین احسن اصلاحی |
| 32۔ | آئین پاکستان کی اساس: شریعت | قائد اعظم محمد علی جناح |
| 33۔ | قیام پاکستان اور اسلام کی نشاۃ ثانیہ | مطیع اللہ محمود |
| 34۔ | دنیا کو اسلام کی احتیاج ہے | مولانا ابوالکلام آزاد |
| 35۔ | روزہ: اللہ کے احسان کا شکریہ | سید سلیمان ندوی |
| 36۔ | ماہ رمضان......ایک شعوری سفر | عبدالعزیز سلفی فلاحی |
| 37۔ | احتساب نفس | مولانا ابوالاعلیٰ مودودی |
| 38۔ | صدر پاکستان کا حلف | (آئین پاکستان سے ماخوذ) |
| 39۔ | پھر بھی توبہ نہیں کرتے! | عبدالعزیز سلفی فلاحی |
| 40۔ | انسانی اطاعت کی حدود | مولانا ابوالکلام آزاد |
| 41۔ | مغربی تہذیب کا اضطراب | مولانا ابوالحسن علی ندوی |
| 42۔ | دل کی لگن | مولانا ابوالاعلیٰ مودودی |
| 43۔ | قیام حق وصداقت | مولانا ابوالکلام آزاد |
| 44۔ | کردار کا بحران | مولانا عبدالماجد دریابادی |
| 45۔ | صدائے عمل | مولانا ابوالکلام آزاد |
| 46۔ | ایمان اور توکل | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 47۔ | نفس پرستوں کو ذبح کردو | مولانا ابوالکلام آزاد |
| 48۔ | مایوسی: راہِ حق کی سب سے بڑی رکاوٹ | سید اسعد گیلانی |
| 49۔ | عورت کا اصل دائرہ کار | ڈاکٹر اسرار احمد |

## الہدیٰ اور فرمان نبوی ﷺ

اس سال ''الہدیٰ'' کے تحت محترم ڈاکٹر اسرار احمد کے درس قرآن کے سلسلہ میں سورۃ الانعام کی آیت 75 سے آخر تک (آیت: 165) اور سورۃ الاعراف کی ابتدا سے لے کر آیت 41 تک تشریح شائع ہوئی۔

''فرمان نبویؐ'' کے تحت مختلف موضوعات وعنوانات سے متعلق احادیث نبویؐ شائع کی گئیں۔

## اداریہ

**حالات حاضرہ پر ادارے کی طرف سے تحریر کردہ اداریوں کی تفصیل۔ یہ اداریے تنظیم اسلامی کے ناظم نشرواشاعت جناب ایوب بیگ مرزا نے تحریر کئے۔**

1۔ بے نظیر قتل اور فیڈریشن کی سالمیت کا مسئلہ

2۔ نوجوانانِ پاکستان سے اپیل!

3۔ آیئے، دعا کریں! (وطنِ عزیز میں دھماکے)
4۔ قحط (ملک میں گندم کا بحران)
5۔ جامعہ الازہر کا فتویٰ (اسلام میں مرتد کی سزا قتل)
6۔ 5 فروری۔ یوم کشمیر
7۔ جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے...... (مشرف کی غلط سوچ)
8۔ انتخابات یا ریفرنڈم؟ (انتخابی نتائج پر تبصرہ)
9۔ پاکستان میں انتخابات
10۔ نئی حکومت کے لیے اصل چیلنج: قیامِ عدل
11۔ محسنِ انسانیت ﷺ
12۔ دھماکوں کی سرزمین
13۔ شطرنج کا کھیل (سیاستدانوں کے کرتوت)
14۔ مشتری ہوشیار باش! (حکومت کو درپیش مسائل)
15۔ اسلام کا نظام عدل اجتماعی: تقدیر مبرم
16۔ زندگی کی شاخ سے پھوٹے، کھلے، مرجھا گئے (عوام کی غربت کے ہاتھوں خودکشی)
17۔ آئینہ (سیاست دانوں کے بدلتے ہوئے رنگ)
18۔ امریکہ جیت گیا، پاکستان ہار گیا
19۔ آؤ جج جج کھیلیں (پاکستان میں "جج ڈرامہ")
20۔ اٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے۔ (ڈاکٹر ارشد وحید شہید کی بیوی کا خط)
21۔ وکلاء تحریک اور نفاذِ اسلام؟
22۔ تحریک آزادی؟ (پاکستان کی سیاسی صورتحال)
23۔ ہم سب ذمہ دار ہیں! (ملکی حالات)
24۔ ابلیسی کردار (جامعہ حفصہ آپریشن میں حصہ لینے والے فوجیوں کو مشرف کی شاباش)
25۔ نسخہ کیمیا (ملکی مسائل)
26۔ تندیٔ بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب! (محترم ڈاکٹر اسرار احمد کے خلاف اہل تشیع کی بیان بازی)
27۔ حکمران حقیقی دشمن کو پہچانیں
28۔ سوڈان، سوپیاز اور سوجوتے! (ترقی کے لیے سوڈان کی منصوبہ بندی کا حشر)
29۔ سیاسی، معاشی اور معاشرتی شکست وریخت
30۔ سرحدوں کی مخدوش صورتحال
31۔ اونٹ رے اونٹ...... (حکومتی پارٹی وعدوں سے مکر گئی)
32۔ بش اینڈ ڈی لیمب (وزیر اعظم کا دورہ امریکہ)
33۔ آزادی (14 اگست 1947ء)
34۔ خس کم جہاں پاک؟ (صدر پاکستان کی ایوان صدر سے رخصتی)
35۔ "زرواریندار زرداری وار" (زرداری کی وعدہ خلافی)
36۔ رمضان، قرآن اور پاکستان
37۔ ہلاکو خان کا قہقہہ (زرداری کی امریکی حملوں پر خاموشی)
38۔ احمد مختار بمقابلہ مہاتما گاندھی (احمد مختار کا امریکی حملوں پر ردِ عمل)
39۔ عید مبارک (عید اور ہمارے موجودہ اعمال)
40۔ دہشت گرد کون؟ (عوام یا امریکہ)
41۔ تاتہہ وبالا نہ گردو ایں نظام (عالمی مالیاتی بحران)
42۔ اوباما یا مکین؟ (امریکی انتخابات)
43۔ پارلیمنٹ کی متفقہ قرارداد (امریکی حملوں کے خلاف)
44۔ سبق پھر پڑھ صداقت کا، عدالت کا، شجاعت کا (امریکہ کا کالا صدر)
45۔ بین المذاہب مکالمہ (اقوام متحدہ کے زیر اہتمام)
46۔ ہماری عدلیہ (جج بمقابلہ جابر حکمران)
47۔ سراغ رسانی کا کمال (ممبئی دھماکے اور بھارت کا الزام)
48۔ امن چاہتے ہو تو جنگ کے لیے تیار رہو! (بھارتی طیاروں کی سرحدی خلاف ورزی)
49۔ اے مسلمانانِ پاکستان امطالبات تسلیم کرلو

## گوشۂ اقبال

**گوشۂ اقبال کے تحت کلام اقبال کی تشریح پر مبنی (125 تا 172) 45 اقساط شائع ہوئیں.**
جو بالِ جبریل حصہ دوم "لینن خدا کے حضور میں" تا "نپولین کے مزار پر" پر مشتمل ہیں

## منبر و محراب

**منبر و محراب ندائے خلافت میں چھپنے والے خطابات جمعہ کا مستقل عنوان ہے۔ ان عنوان کے تحت امیر تنظیم اسلامی محترم حافظ عاکف سعید کے خطاب جمعہ کی تلخیص دی جاتی ہے۔ اگر امیر تنظیم اپنی مصروفیت کے سبب خطاب نہ کر سکیں تو بانیٔ تنظیم اسلامی محترم ڈاکٹر اسرار احمد یا تنظیم کے کسی دوسرے مرکزی عہدیدار کے خطاب کی تلخیص شائع کی جاتی ہے۔ رواں سال جو خطابات شائع ہوئے اُن کی تفصیل درج ذیل ہے۔**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | قربانی: حضرت ابراہیمؑ کی عظیم سنت | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 2۔ | شہادت سے اجتناب اور لغو کاموں سے پرہیز | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 3۔ | خون مسلم کی حرمت اور جواز قتل کی تین صورتیں | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 4۔ | سانحہ کربلا | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 5۔ | اسلامی آداب معاشرت | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 6۔ | داخلی بحران اور علماء کرام کا موقف | حافظ عاکف سعید |
| 7۔ | موجودہ دجالی تہذیب میں اللہ کے وفادار بندے (i) | حافظ عاکف سعید |
| 8۔ | موجودہ دجالی تہذیب میں اللہ کے وفادار بندے (ii) | حافظ عاکف سعید |
| 9۔ | احسان، تقویٰ اور حسن اخلاق کی اہمیت | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 10۔ | توہین رسالت پر مبنی خاکوں کی اشاعت | حافظ عاکف سعید |
| 11۔ | آیئے، اللہ کی جناب میں توبہ کریں | حافظ عاکف سعید |
| 12۔ | توبہ اور اطاعت | حافظ عاکف سعید |
| 13۔ | xxxxx | xxx |
| 14۔ | تکمیل رسالت کے مظاہر | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 15۔ | تقویٰ اور اس کے تقاضے | حافظ عاکف سعید |
| 16۔ | تقویٰ اور تعمیر سیرت | حافظ عاکف سعید |
| 17۔ | شہادت حق کی ذمہ داری | حافظ عاکف سعید |
| 18۔ | فریضہ شہادت علی الناس کی ادائیگی | حافظ عاکف سعید |
| 19۔ | امت مسلمہ کی ذمہ داری......عدل اجتماعی کا قیام | محترم رحمت اللہ بٹر |
| 20۔ | اسلام: عدل اجتماعی کا علمبردار | حافظ عاکف سعید |
| 21۔ | اسلام کے سوا دنیا کے تمام نظام استحصالی ہیں! | حافظ عاکف سعید |
| 22۔ | عدل کامل تو فقط دامنِ اسلام میں ہے۔ | حافظ عاکف سعید |
| 23۔ | ہماری دعائیں کیوں قبول نہیں ہوتیں؟ | حافظ عاکف سعید |
| 24۔ | نیکی کے دروازے | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 25۔ | کیا ہماری مہلت عمل ختم ہو رہی ہے؟ | حافظ عاکف سعید |
| 26۔ | اجتماع جمعہ کی حکمت | حافظ عاکف سعید |
| 27۔ | جمعہ کی فضیلت اور اس کے احکام | حافظ عاکف سعید |
| 28۔ | نبی اکرم ﷺ کا آلۂ انقلاب: قرآن حکیم | حافظ عاکف سعید |
| 29۔ | ایمان بالآخرۃ کا تقاضا: زہد وقناعت | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 30۔ | امت کے حق میں نبی اکرم ﷺ کی دعائیں | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 31۔ | اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی وسعتِ رحمت | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 32۔ | صدقہ کا معنی ومفہوم اور اس کی وسعت | ڈاکٹر اسرار احمد |

| | | |
|---|---|---|
| 33۔ | پانچ خوفناک برائیاں | حافظ عاکف سعید |
| 34۔ | یوم آزادی کا پیغام: خود احتسابی | حافظ عاکف سعید |
| 35۔ | ولایت کا مفہوم اور قرب الٰہی کا حصول | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 36۔ | ماہ رمضان المبارک: نیکیوں کی فصل بہار | حافظ عاکف سعید |
| 37۔ | ظلم کی حرمت اور حقیقت توحید | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 38۔ | روزے اور قرآن کا باہمی تعلق | حافظ عاکف سعید |
| 39۔ | حسن معاشرت اور علم و عمل کی اہمیت | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 40۔ | پاکستان کو لاحق خطرات اور ان کا سد باب | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 41۔ | خطا، نسیان اور جبر و اکراہ کی معافی | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 42۔ | بھوک اور خوف کا عذاب | حافظ عاکف سعید |
| 43۔ | اطاعت رسول ﷺ: ایمان کی علامت | حافظ عاکف سعید |
| 44۔ | زلزلے کیوں آتے ہیں؟ (i) | حافظ عاکف سعید |
| 45۔ | زلزلے کیوں آتے ہیں؟ (ii) | حافظ عاکف سعید |
| 46۔ | ہمارے دینی تقاضے | حافظ عاکف سعید |
| 47۔ | اسلام امن و سلامتی کا علمبردار ہے | حافظ عاکف سعید |
| 48۔ | ملک کو خطرات سے بچاؤ کا واحد راستہ رجوع الی اللہ ہے | ڈاکٹر اسرار احمد |
| 49۔ | اسلام میں حسن اخلاق اور ادائیگی حقوق کی تعلیم | حافظ عاکف سعید |

24۔ xxxxx
25۔ ایرانی انقلاب کا ڈراپ سین: شاہ بھاگ رہا ہے
26۔ xxxxx
27۔ بوسنیا و ہرزیگووینا کی جغرافیائی اور تاریخی حیثیت
28۔ یورپ میں عثمانی سلاطین کا اسلامی کردار (i)
29۔ یورپ میں عثمانی سلاطین کا اسلامی کردار (ii)
30۔ بوسنیا میں اسلامی تہذیب کا ماضی و حال
31۔ بوسنیا و ہرزیگووینا کا دور غلامی
32۔ بوسنیا کی تنظیم ملت اسلامی
33۔ یوگوسلاویہ کا خونیں ڈراما
34۔ یوگوسلاوی مسلمانوں کی حالت عہد اشتراکیت میں
35۔ بوسنیا کے مسلمانوں کی تحریک آزادی
36۔ بوسنیا: تحریک آزادی اور جہاد
37۔ بوسنیائی مسلمانوں کی معاشرت (i)
38۔ بوسنیائی مسلمانوں کی معاشرت (ii)
39۔ چیچنیا میں اسلام اور مسلمان (i)
40۔ چیچنیا میں اسلام اور مسلمان (ii)

## تاریخ تحریکات احیائے اسلام (قسط 171 تا 207)

**تاریخ تحریکات احیائے اسلام عالم اسلامی میں ماضی قریب اور دور حاضر میں برپا اسلامی احیائی تحریکوں کا تذکرہ ہے۔ امسال اس عنوان کے تحت 37 اقساط شائع ہوئیں۔ یہ کالم معروف صحافی سید قاسم محمود تحریر کرتے رہے۔ شمارہ نمبر 40 کے بعد یہ سلسلہ بوجوہ بند کر دیا گیا**

1۔ تنظیمات: ایک اہم قانونی و دستوری ادارہ
2۔ احیائے اسلام اور تنظیمات
3۔ احیائے اسلام اور ترک خواتین
4۔ ترکی میں آزادی نسواں کی تحریک
5۔ جریدہ "خاتون و خاندان" کی خدمات
6۔ سنبل ارسلان خانم سے انٹرویو
7۔ ایک طرف حجاب، دوسری طرف بندوق
8۔ سلطان عبدالحمید کی خفیہ ڈائری
9۔ کیا میں ارباب علم کا دشمن ہوں؟
10۔ سلطان عبدالحمید خان کی ڈائری (آخری قسط)
11۔ چند مشاہیر ترکی
12۔ xxxxx
13۔ ایران میں اسلام اور مغربیت کی کشمکش
14۔ پہلوی خاندان کا اقتدار
15۔ جنرل رضا خان کے کارنامے
16۔ 5 جون 1963ء کی چنگاری
17۔ ایران میں اسلام مٹانے کی تحریک
18۔ انقلاب اسلامی کے محرکات
19۔ انقلاب ایران کے ثقافتی و معاشی محرکات
20۔ انقلاب ایران کے محرکات
21۔ اسلامی انقلاب کے لیے اسلامی تنظیم کی ضرورت
22۔ ایرانی انقلاب سے پہلے کی سیاسی جماعتیں
23۔ انقلاب ایران کے بعد: ایک ناکام سازش

## کالم آف دی ویک

**ممتاز قومی روزناموں سے اخذ کردہ منتخب معیاری کالموں کی فہرست**

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | جنگل (پاکستان میں قانون کی ابتر صورتحال) | جاوید چودھری |
| 2۔ | تیرے غضب سے تیری رحمت کی پناہ | اوریا مقبول جان |
| 3۔ | پاکستان کُش خطرناک سازش کا خاکہ: ہدایت کار کون؟ | لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم |
| 4۔ | xxxxx | xxxxx |
| 5۔ | مَعِيشَةً ضَنكًا (جی سکس اسلام آباد کے مکینوں کی آہ وزاری) | اوریا مقبول جان |
| 6۔ | موجودہ بحران...... اسباب اور علاج | ملک کے ممتاز علماء کا متفقہ موقف |
| 7۔ | اپنی سرزمین کا دفاع | ایاز میر |
| 8۔ | سرخ گلاب اور سرخ لہو (امت مسلمہ کے معصوم شہری) | مظہر صدیقی |
| 9۔ | نادانیوں کا اعادہ یا طلوع شعور | ایاز میر |
| 10۔ | مینار سے نیچے اتر آؤ (ملکی سیاسی صورتحال) | حامد میر |
| 11۔ | ایک اور قرارداد پاکستان | ہارون الرشید |
| 12۔ | آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا (ملکی حالات) | شفقت محمود |
| 13۔ | رب العزت کا احسان، قرارداد پاکستان | پروفیسر محمد مظفر مرزا |
| 14۔ | کون کہتا ہے کہ یہ ہماری جنگ ہے؟ | ایاز میر |
| 15۔ | سونے کا کرتہ (حکمرانوں کی شاہ خرچیاں) | جاوید چودھری |
| 16۔ | بدنام زمانہ امریکی جنرل کی پاکستان میں تعیناتی | اشتیاق بیگ |
| 17۔ | حکومت کیا کرے؟ | جاوید چودھری |
| 18۔ | سچائی کی راہ میں رکاوٹیں! | انور یوسف |
| 19۔ | خفیہ بلیک میلنگ (ججوں کی بحالی میں رکاوٹ) | حامد میر |
| 20۔ | عظمت کا لمحہ | جاوید چودھری |
| 21۔ | امریکہ کی بدمعاشی کون روکے گا | سعید ملک |
| 22۔ | توبہ | جاوید چودھری |
